Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | ہفتہ ،9 مارچ 2024ء، 27 شعبان المعظم 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 03

ذوالفقار بھٹو کو سرکاری شہید اور قومی ہیرو قرار دینے کی قرارداد منظور

فوجی ڈکٹیٹر نے اپنے غاصبانہ اقتدار کو طول دینے کیلئے مقبول سیاسی رہنما کو عدالتوں کے ذریعے جسمانی طور پر ختم کرنے کی سازش کی

بھٹو کی شہادت نے پاکستانی سماج ، ریاست اور سیاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ،آج بھی اسکے اثرات محسوس کئے جا سکتے ہیں،متن

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں ذوالفقار علی بھٹو کو سرکاری شہید اور قومی ہیرو قرار دینے کی قرارداد کثرت رائے سے منظور کر لی گئی۔قرارداد پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر علی حیدر گیلانی نے پنجاب اسمبلی میں پیش کی۔قرار داد کے متن میں کہا گیا ، 16 مارچ 2024 کا دن پاکستان کی سیاسی اور سماجی تاریخ میں ایک انتہائی اہم دن ہے جب پاکستان کی سپریم کورٹ نے پاکی پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 1)

سزا یافتہ خواتین اور بچوں کیلئے معافی کا اعلان

قتل ،جاسوسی ،تخریب کاری ، ریاست مخالف سرگرمیوں کے لیے سزا یافتہ قیدیوں پر اطلاق نہیں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سزا یافتہ خواتین اور بچوں کے لئے معافی کا اعلان کردیا۔معافی کا اعلان انسانی بنیادوں پر کیا گیا۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد جاری ٹیلیفیشن کے مطابق وزارت داخلہ (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ پنجاب کا منفرد اعزاز ،ویمن ڈے پر شجرکاری مہم کا آغاز

خاتون اور طالبات کے ساتھ 12 ہزار پودے لگائے ،شیخوپورہ درجی گل فارسٹ پارک میں برگد کا پودا لگایا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حیثیت سے شجرکاری مہم کا آغاز کردیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف شیخوپورہ درجی گل فارسٹ پارک میں پہلی خاتون وزیراعلیٰ کی نے ویمن ڈے پر برگد کا پودا لگا کر شجر (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ کی ویمن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی تقریب میں شرکت

مریم نواز آئس سے روانہ ہوئیں تو تین لیڈی وارڈن صباء،اسماء،عمرہ سے نے پاکٹ کے فرائض سرانجام دیئے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کے حوالے سے تقریب میں شرکت کی۔وزیراعلیٰ مریم نواز پنجاب ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں خواتین کے عالمی دن شریف اپنے آئس سے روانہ (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

ویمن ویلنیبل سیفٹی ایپ "نیور اگین" کا افتتاح

پلک سروس کمیشن میں خواتین کیلئے جاب کا کوٹہ 10 سے بڑھا کر 15 فیصد کرنے کا اعلان، ہر محکمے میں خالی آسامیوں پر خواتین کی بھرتی مکمل کرنے کی ہدایت، خواتین کو 50 فیصد قرضے دیئے جائیں گے

خواتین کیلئے پیڈ انٹرن شپ شروع کی جائیگی ،انٹرنیشنل سکالرشپ میں خواتین کا تناسب 50 سے 70 فیصد، یونیورسٹی فیس واپسی میں بھی خواتین کا تناسب 50 سے 70 فیصد ہوگا

پنجاب میں بہن اور بیٹی کو پراپرٹی گفٹ کرنے پر انتقال فیس نہیں لی جائیگی ، بورڈ آف ریونیو بیٹیوں کے حصہ کا تعین کرکے ورثہ کو جائیداد منتقل کریگا

تھنیریم اور سٹیڈیم میں خواتین کیلئے الگ جگہ اور اوقات کار مقرر ہوں گے، ورک پلیس وائن روم اور نماز کے لئے مختص ہوگی ،ڈے کیئر سینٹرز بنانے کیلئے ایک ارب روپے فنڈز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ویمن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی تقریب سے ویمن ویلنیبل ایپ "نیور اگین" کا افتتاح بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین پولیس اور خواتین کی تحفظ یقینی بنانے کیلئے اقدامات کے لئے بڑے اعلانات کئے۔ اس تقریب کے دوران خاتون صحافی کا انتقال کیا گیا جس کا عنوان موسیقی تبدیلیوں (بقیہ نمبر 8)

گورنر پنجاب کے پیڈ انٹرن چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان سے اسے عہدے کا حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود ہیں

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کی حکمت عملی، پاکستان کی قومی سلامتی کا تحفظ

تقریب میں پاکستان میں طرز حکمرانی کے ان چیلنجز کا جائزہ لیا جو کہ پاکستان میں ماحولیاتی خطرات کو بڑھاوا دینے میں کارفرما ہوتے ہیں

ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق علمی میدان میں موجود خلا کو ختم کئے جانے کی ضرورت ہے، سینئر ریسرچ امیر عبداللہ خان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سٹرٹیجک فورم پاکستان اور ایسپن انسٹیٹیوٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز لاہور میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کا عنوان موسیقی تبدیلیوں کے بچاؤ کی حکمت عملی: پاکستان کی قومی سلامتی کا تحفظ تھا۔اس تقریب کے دوران ماحولیاتی تبدیلیوں کے پاکستان پر ایسے منفی اثرات کا جائزہ لیا گیا جو پاکستان کو درپیش خطرات کو بڑھاوا دینے میں کارفرما ہوتے ہیں۔اس سیمینار کا آغاز (بقیہ نمبر 2 3)

کینیڈین شہریت کا حامل نوجوان قتل ،بیوی ،ساس سمیت 5 افراد زیر حراست

گھریلو لڑائی جھگڑے پر 40 سالہ خادم حسین قتل، معاشی تنگدستی سے دلبرداشتہ شخص کی خودکشی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف واقعات میں 2 افراد قتل کردیا گیا جبکہ ایک شخص نے گلے میں پھندا ڈال کر خود کشی کر لی ۔ پولیس (بقیہ نمبر 4 2)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کیانہ قتیل ٹاؤن اور سٹی ڈویژن منڈو کی کارکردگی کا جائزہ لینے بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سحر و افطار کے اوقات میں بلا تعطل گیس فراہمی کا فیصلہ

سحری کے لیے رات ڈھائی سے صبح 8 اور افطاری کے لیے سہ پہر 3 سے رات 10 تک بلا تعطل گیس فراہم کی جائے گی

صارفین گیس پریشر یا فراہمی کے حوالے سے شکایات کے لیے 1199 پر کال کر سکتے ہیں، ترجمان سوئی ناردرن

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس نے رمضان المبارک میں سحر و افطار کے اوقات میں بلا تعطل گیس فراہمی کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان سوئی ناردرن نے کہا ہے کہ المبارک میں سحری کے لیے رات ڈھائی سے صبح 8 اور افطاری کے لیے سہ پہر 3 سے رات 10 تک بلا تعطل گیس فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں سوئی ناردرن گیس نے گیس پریشر کے مسائل کے حل کے لیے مانیٹرنگ ٹیمز تشکیل دینے کے علاوہ کنٹرول روم بھی قائم کر دیے ہیں۔ ترجمان سوئی ناردرن نے کہا ہے کہ صارفین گیس پریشر (بقیہ نمبر 8)

رانا سکندر حیات کا وزیر تعلیم پنجاب بننا خوش آئند ہے

ایسوسی ایشن برائے پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کا اظہار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) رانا سکندر حیات کا پنجاب کا وزیر تعلیم بننا خوش آئند ہے، آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر کاشف ادیب چاودلی، سیکرٹری جنرل احمد علی خان، مرکزی سینئر نائب صدر محمد فرقان چوہدری، صدر شمالی (بقیہ نمبر 2 6)

ناملوم افراد کی فائرنگ سے پی ٹی آئی رہنما شدید زخمی

چوکی (این این آئی) چوکی ناملوم افراد کی فائرنگ سے پی ٹی آئی رہنما شدید زخمی حالت تشویشناک حالت میں لاہور ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ حملہ آور چوکی کے علاقہ میں پی ٹی آئی رہنما سید عدنان شاہ اپنے قافلہ سے واپس آ رہے تھے کہ راستہ میں بلجیک شادی کے قریب گھر روڈ پر ناملوم افراد نے فائرنگ (بقیہ نمبر 2 5)

معاشرے کی بیداری کیلئے خواتین کی بیداری ضروری ہے، چیف جسٹس

آئین میں حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے، آئین کے منافی کوئی قانون سازی نہیں ہونی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ معاشرے کی بیداری کیلئے خواتین کی بیداری ضروری ہے۔ان خیالات کا (بقیہ نمبر 10)

صوبائی سطح پر بھی خواتین کے مسائل کو دیکھنا ہوگا" ثمینہ خالد گھرکی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی اور ویمن ونگ پنجاب کی صدر ثمینہ خالد گھرکی نے کہا ہے کہ 8 فارمز خواتین کا مالی دن ہے ، پاکستان سمیت پوری دنیا میں خواتین کثیر تعداد میں ہر شعبہ میں ترقی کر رہی ہیں۔خواتین کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں ثمینہ خالد گھرکی نے کہا کہ ہماری وزیراعلیٰ پنجاب بھی ایک خاتون ہیں،وقت اور حالات کی ضرورت کے مطابق (بقیہ نمبر 1 2)

لائسنسنگ سینٹرز میں خواتین کے لئے علیحدہ کاؤنٹرز کا قیام

خواتین کیلئے الگ لائسنسنگ کاؤنٹر بنانے کا مقصد انہیں تحفظ فراہم کرنا ہے مرزا فاران بیگ

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا ہے کہ لائسنسنگ سینٹرز میں مزید سہولیات کے لیے لائسنسنگ سینٹرز میں خواتین کے لئے کاؤنٹرز کا اضافہ کیا گیا ہے،صوبہ کے لائسنسنگ سینٹرز ڈے پر پاکستان کی تمام ماؤں ،بیٹیوں ،بہنوں (بقیہ نمبر 1 1)

پاکستان نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروجیکٹ کی پیشرفت پر جائزہ میٹنگ

وفاقی سیکرٹری نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن کا منصوبے کی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار

متعلقہ حکام کو براہیمی پروجیکٹ کی تکمیل کو مزید تیز کرنے کی ہدایت ،حکومت پاکستان وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن (این ایچ ایس آر اینڈ سی) میں وفاقی سیکریٹری افتخار علی ملوانی کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی سطح پر ہیلتھ کوریج کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروجیکٹ پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں نمائندہ ورلڈ بینک (WB)، منال بخاری، نمائندہ (بقیہ نمبر 1 3)

رمضان کا چاند دیکھنے کے لئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 11 مارچ کو ہوگا

لاہور (این این آئی) مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان کا اجلاس 11 مارچ بروز پیر کو بتوام دفتر ایڈمنسٹریٹر اوقاف محمد گاہ چارسدہ روڈ پشاور میں مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان کی زیر صدارت منعقد ہو گا جس میں (بقیہ نمبر 1 4)

اسلام آباد سپیشل سی پی سیف آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپوزیشن کا حکومت گرانے کے علاوہ کوئی ایجنڈا سامنے نہیں آیا، خرم دستگیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے چیئرمین خرم دستگیر نے کہا ہے کہ اپوزیشن کا حکومت گرانے کے علاوہ کوئی ایجنڈا سامنے نہیں آیا ہے۔ایک انٹرویو میں خرم دستگیر نے کہا کہ اپوزیشن کا (بقیہ نمبر 1 5)

ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے حوالے سے اجلاس

شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات میں مدد فراہم کی جائے ، ڈاکٹر اکبر ناصر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی حکومت کے حوالے سے اجلاس ،اجلاس میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے ، (بقیہ نمبر 1 6)

بھکر، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری

5 ملزمان سے دو عدد موٹر سائیکلز اور ایک رکشہ کل مالیتی پانچ لاکھ روپے برآمد

بھکر (ظفر اعوان) ڈی پی او بھکر محمود یہ کے احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری۔ تھانہ صدر بھکر کے SHO وحید حسن لک۔ (بقیہ نمبر 1 9)

خیبر پختونخوا حکومت نے رمضان پیکیج کا پلان تیار کرلیا

رقوم کی ادائیگی احساس پروگرام کے تحت کی جائے گی ، وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے بھی رمضان المبارک میں غریبوں کیلئے رمضان پیکج کا پلان تیار کرلیا ہے۔ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2 0)

عورت مارچ میں شریک خواتین نعرے لگا رہی ہیں

حکومت لائیو سٹاک کے شعبے میں انقلاب لانے کیلئے پرعزم

ہم پاکستان کے ساتھ لائیو سٹاک کے شعبے میں تعاون کو مضبوط کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ناروے کی سفیر

پی اے آر سی اور ناروے کے زرعی تحقیقی مقامی موسیقیوں کی نسلوں کی جینیات کو بہتر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کر رہے ہیں، چیئرمین پی اے آر سی

وفاقی سیکرٹری برائے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، کیپٹن (ر) محمد آصف، اسلام آباد میں" ناروجین ریڈ ڈیری کیٹل کے تکنیکی جینیاتی اور صحافی اثرات "کے موضوع پر جین الاقوامی سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے ناروے کے سرخ ڈیری مویشیوں کے جینیاتی اور صحافی اثرات کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کے دوسرے تین الاقوامی ماہرین اور اسٹیک ہولڈرز کو پاکستان کی ڈیری کے شعبے میں جینیاتی اور صحافی نسل کی بہتری میں مارجین ریڈ کیٹل کی صلاحیتوں کو تلاش کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کیا گیا۔ سیمینار کے بعد ہولسٹین ریسرچ مینجمنٹ (HRM) ڈیریز (نیدرلینڈ) لمیٹڈ پاکستان اور پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے جس کا مقصد پاکستان کے لائیو سٹاک کے شعبے کو بڑھانے کے لیے تعاون کو فروغ دینا ہے۔اس اشتراک کے تحت، دونوں تنظیموں نے صلاحیت کی بہتری کے لیے (بقیہ نمبر 27)

دارالامان میں خواتین کو مہیا کی گئی سہولیات پر اطمینان کا اظہار

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی کی خواتین کے عالمی دن پر دارالامان راولپنڈی کا اچانک دورہ

پھلائی لکھائی کا بھی انتظام کرتے ہیں خواتین کو ہم کڑھائی اور کپڑوں کی سلائی اور کھانا پکانا سکھاتے ہیں، انچارج عائشہ لطیف

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی کی خواتین کے عالمی دن پر دارالامان راولپنڈی کا اچانک دورہ سینئر سول جج جناب وقار حسین گوندل بھی ہمراہ تھے

راولپنڈی (نمائندہ رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی کا خواتین کے عالمی دن پر دارالامان راولپنڈی کا اچانک دورہ کیا گیا۔سینئر سول جج جناب وقار حسین گوندل بھی ہمراہ تھے دارالامان میں خواتین کو مہیا کی گئی سہولیات پر اظہار اطمینان کیا دارالامان کی انچارج عائشہ لطیف کی کاوشوں کو سراہا۔انچارج عائشہ لطیف نے دارالامان بارے تفصیلات سے آگاہ کیا آج کے دن دارالامان میں 15 خواتین کی دارالامان کی اپنی لیڈی ڈاکٹر اور نیکا لوجسٹ ہیں جو موجودگی خواتین کی کاؤنسلنگ کرتے ان کو دوائیاں بھی مہیا کی جاتی ہیں خواتین کو کپڑے اور غذائی سہولیات کا بھی (بقیہ نمبر 1 7)

کمشنر راولپنڈی کا رکھ قبرستان دھمیال کا دورہ

قبرستان دھمیال میں قبروں کی الاٹمنٹ ،متدفین انتظامات سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر منگلا نے چیئرمین دھمیال میں قبروں کی الاٹمنٹ ،متدفین انتظامات سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ، سی او سیپٹل کارپوریشن، پاسٹر عادل گل ، چیف کریش ٹاسک فورس ملکی نظام مقتولوں خاندانوں دیگر متعلقہ افسران بھی (بقیہ نمبر 2 1)

چوآ سیدن شاہ میں کوئلے کی کانیں موت بانٹنے کا ذریعہ

ناقص سیفٹی نظام سینکڑوں خاندانوں کے سربراہان موت کے منہ میں چلے گئے

چوآ سیدن شاہ (خاوند شہزاد) چوآ سیدن شاہ میں کوئلے کی کانیں موت بانٹنے کا ذریعہ بن گئی ہیں۔اگر یہ دعویٰ کیا جائے تو 1923 میں ایک مائن حادثہ میں 1923 افراد کے سر سربراہان موت کے منہ میں چلے گئے لیکن کرپٹ مافیا پھر بھی بے لگام ۔مائن ایکٹ 1923 پر عمل درآمد سے حادثات کم ہو سکتے ایکٹ بنایا تھا یہ قانون (بقیہ نمبر 2 2)

سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس کے فرائل کی مزید کارروائی 15 مارچ تک ملتوی

عدالت پراسیکیوشن کے گواہان کو شہادت قلمبند کرنے کے لئے طلب کرلیا

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ ماڈل ٹاؤن کیس کے فرائل کی مزید کارروائی 15 مارچ تک ملتوی کر دی ۔ انسداد دہشت گردی (بقیہ نمبر 2 9)

چین کی ترقی سے پوری دنیا کو فائدہ ہو رہا ہے، چینی میڈیا

بیجنگ (این این آئی) چین کی پی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے پولیٹیکل بیورو کے رکن اور چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے "دو (بقیہ نمبر 2 8)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

معاشی استحکام کو ترجیح دی جائے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی آٹومیشن کے نظام کے مجوزہ روڈ میپ کی اصولی منظوری دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اب اس روڈ میپ پر وقت کے واضح تعین کے ساتھ عمل درآمد کیا جائے، ٹیکس وصولیوں اور ریونیو سے متعلق عدالتوں میں زیرالتوا مقدمات اور قانونی تنازعات کے حل کے لیے وزارت قانون سفارشات دے۔ اجلاس میں ایف بی آر کی آٹومیشن، نظام میں شفافیت کو یقینی بنانے، عالمی معیار کے مطابق ڈھانچہ جاتی اصلاحات، مراعات کے ذریعے ٹیکس میں اضافے، کرپشن وسمگلنگ کے خاتمے، لینڈ ریونیو اور کسٹم کے شعبے الگ کرنے اور ٹیکس ریٹ میں کمی پر پیش کردہ تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں 24 گھنٹے مسلسل محنت سے یہ ہدف حاصل کرنا ہے، ہمارے پاس ضائع کرنے کے لیے مزید ایک لمحہ بھی نہیں، یہ پاکستان کے روشن مستقبل اور معاشی بحالی کا سوال ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ اصلاحات پر عمل درآمد کے نتیجہ میں ہی 6 سے 7 فیصد قومی شرح ترقی کا حصول ممکن ہوسکتا ہے۔ شہباز شریف جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ سن کر تو اچھا لگ رہا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس سب کو عمل کی شکل میں ڈھالنے کے لیے وہ کیا پالیسیاں بناتے ہیں اور ان پر عمل درآمد کیسے ہوتا ہے۔ ماضی میں بھی اس قسم کی باتیں تو کی جاتی رہی ہیں لیکن ٹھوس عملی اقدامات کے فقدان کی وجہ سے مسائل میں اضافہ ہوتا گیا اور ملک اور عوام کا معاشی بوجھ بھی بڑھتا گیا۔ اس وقت ملک کی معیشت اس حالت کو پہنچ چکی ہے کہ اسے فوری اور ٹھوس اقدامات کے ذریعے مزید گرنے سے بچانے کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں حکومت کو تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ ملا کر کام کرنا چاہیے۔ اس وقت ہمیں یہ بھی سوچنے کی ضرورت ہے کہ اشرافیہ کو سرکاری خزانے سے جو مراعات وسہولیات دی جارہی ہیں ملکی معیشت ان کا بوجھ اٹھانے کے قابل ہے بھی یا نہیں۔

سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں اکیسویں صدی کے مسائل کا حل

ندائے سیف
شیخ سیف اللہ
CONTACT: +92 313 091 78 62
EMAIL: saif986660@gmail.com

رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات میں سب انسانوں کے لیے رہنمائی موجود ہے۔ عصر حاضر میں انسانیت جتنے مسائل میں گھری ہوئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کا حل چودہ صدی قبل ہی عطا فرمایا دیا تھا۔ آج بین الاقوامی سطح پر پریشان کن اہم مسائل میں سے چند درج ذیل ہیں۔ مہنگائی، ٹینشن اور ڈپریشن، ماحولیاتی آلودگی، بڑھتی ہوئی بیماریاں، طلاق کا بڑھتا ہوا رجحان وغیرہ۔ حضور ﷺ نے اپنی تعلیمات اور اسوہ حسنہ کے ذریعے وہ نظام زندگی عطا فرمائے ہیں جنہیں عملاً نافذ کرنے سے مذکورہ بالا مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

مہنگائی کا طوفان

آج کے دور میں مہنگائی نے ساری دنیا میں کہرام بپا کر رکھا ہے۔ مہنگائی کے ازحد بڑھ جانے کے سبب ہر بندہ پریشان نظر آتا ہے۔ ہر کوئی اپنی عقل وفہم کے لحاظ سے اس کے …

… اللہ اور اس کے رسول کے عہد و پیمان کو توڑ دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان پر ان کے علاوہ لوگوں میں سے کسی دشمن کو مسلط کردیتا ہے، وہ جو کچھ ان کے پاس ہوتا ہے چھین لیتا ہے۔ پانچویں یہ کہ جب ان کے حکمران اللہ تعالیٰ کی کتاب کے مطابق فیصلے نہیں کرتے، اور اللہ نے جو نازل کیا ہے اس کو اختیار نہیں کرتے، تو اللہ تعالیٰ ان میں پھوٹ اور اختلاف ڈال دیتا ہے"۔

(سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: ۴۰۱۹)

مذکورہ حدیث سے مہنگائی کے یہ اسباب معلوم ہوئے:

ناپ تول میں کمی، زکوۃ ادا نہ کرنا، زنا کرنا، مطلق اللہ کی نافرمانی اور گناہ کرنا، قرآن وسنت کے خلاف فیصلے کرنا۔

ماحولیاتی آلودگی اور گندگی

ماحولیاتی آلودگی اس وقت پوری دنیا کا ایک اہم مسئلہ ہے۔ جس کی وجہ سے انسانی صحت اور ماحولیات کافی متاثر ہورہی ہے۔ اگر ہم نبی کریم ﷺ کی تعلیمات اور عملی اقدامات کا جائزہ لیں تو یہ حقیقت چھپائے نہیں چھپ سکے گی کہ رسول اللہ ﷺ نے ایمانیات، احکام وعبادات کے برابر ماحولیات پر بھی توجہ …

اجتماعی سچ اور قومی مفاہمت کی ضرورت

پاکستان کیلئے اس وقت سب سے بڑا مسئلہ سیاسی استحکام ہے۔ سیاسی استحکام ہوگا تو معاشی استحکام کی راہ ہموار ہوگی ورنہ عوام دن بدن برباد ہوتی معیشت کی وجہ سے مختلف طرح کی مشکلات میں گھرتے چلے جائیں گے۔ سڑکوں پر دن دیہاڑے لوٹ مار، معاشرتی عدم برداشت، بے روزگاری اور کمرتوڑ مہنگائی نے ویسے ہی عوام کا جینا حرام کررکھا ہے اوپر سے ادویات کی قیمتوں میں اچانک دو سے تین گنا اضافے نے اکثریتی عوام کو ذہنی مریض بنادیا ہے۔

لوگ پرامید تھے کہ ملک میں انتخابات کے نتیجے میں جلد ہی سیاسی استحکام جنم لے گا۔ اس کے بعد عوام کے منتخب نمائندے حکومت سازی کے عمل سے گزر کر سب سے پہلے اشیائے خوردونوش سمیت بجلی اور گیس کی قیمتوں میں کمی لاکر لوگوں کو مایوسی کے دلدل سے نکالنے کیلئے سرجوڑ کر بیٹھیں گے اور پارلیمنٹ میں ایک دوسرے پر الزام تراشی کی روش کو ترک کرتے ہوئے ملک وقوم کے مفاد میں اپنے سیاسی اختلافات کو بالائے تاک رکھ کر باہمی مصالحت سازی کی بنیاد رکھیں گے تاکہ عوام کے روزمرہ مسائل کے فوری حل کی راہ تلاش کی جاسکے۔ لیکن بدقسمتی سے پارلیمنٹ کے پہلے ہی اجلاس میں حکومتی اتحاد اور اپوزیشن کے درمیان تندوتیز جملوں، ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کیلئے الزام تراشیوں کا جو شور اٹھا اس نے عوام کے رہے …

… معاہدے اس قدر خوفناک تھے کہ ماضی کے ان سود خوروں کو بھی مات دے دی جو ہزار روپے قرض دے کر 20 ہزار وصول کرلینے کے باوجود ہزار روپے کا قرض اس وقت تک برقرار رکھتے جب تک قرض لینے والے کا سارا مال واسباب ان کے قبضے میں نہ چلا جاتا۔

اب حالت یہ ہے کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے کے باوجود پاکستان نے نومبر 2024 تک 2.7 ٹریلین روپے "سرکولر ڈیبٹ" کی مد میں نجی پاور کمپنیوں کو ادا کرنے ہیں جبکہ گیس کمپنیوں کو الگ سے "سرکولر ڈیبٹ" کے تین ٹریلین روپے کی ادائیگی واجب الادا ہے۔

معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ بیرونی قرضوں کی ادائیگی کا بوجھ پاکستان کے لیے آنے والے برسوں میں بجلی اور گیس کے حوالے سے سرکولر ڈیبٹ کی ادائیگی گلے میں پھنسنے والی ایسی ہڈی بن جائے گی جسے نہ تو اگلا جاسکے گا، نہ نگلا۔

آثار بتارہے ہیں کہ وہ وقت دور نہیں جب عوام الناس کے لیے بجلی اور گیس کے بل ادا کرنا ممکن نہیں رہیگا۔ جس کا لازمی اثر پاکستان کے دفاع پر بھی پڑے گا۔ اب اگر پاکستان کے دفاعی بجٹ پر نظر ڈالیں تو یہ 1.80 ٹریلین روپے ہے جس کا انتہائی تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ فوج اور پاکستان کے دفاع پر اٹھنے والے اخراجات کو ملک میں مہنگائی اور معاشی ناہمواری کا سبب قرار دے کر …

SPORTS سپورٹس

کراچی: ایس پی ایس بی نیٹ بال کپ 2024 کے فائنل کے موقع پر ایلیٹ نیٹ بال اکیڈمی اور حیدرآباد نیٹ بال کی کھلاڑی ایکشن میں۔ (فوٹو این این آئی)

چیئرمین پی سی بی سے فرنچائز مالکان اور نمائندوں کی ملاقات

پی ایس ایل کو مزید خوب سے خوب تر بنانے میں آپ کی تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں فرنچائز مالکان اور نمائندوں نے ملاقات کی جس میں فرنچائز مالکان نے محسن نقوی کو چیئرمین پی سی بی کے عہدے کی مبارکباد دی۔ فرنچائزز نے چیئرمین پی سی بی کو ایچ بی ایل پی ایس ایل کے پہلے مرحلے کے لاہور اور ملتان میں میچز کی کامیاب انعقاد پر مبارکباد بھی دی۔ چیئرمین پی سی بی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل میں مسلسل تعاون اور اس لیگ کو ایک برانڈ بنانے پر فرنچائز مالکان کا شکریہ ادا کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پی ایس ایل پاکستان کی پہچان ہے، پی ایس ایل کو مزید خوب سے خوب تر بنانے میں آپ کی تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ کرکٹ کے فروغ کیلئے قابل عمل تجویز پر عملدرآمد کریں گے۔ پی سی بی کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر، لیگ کمشنر نائلہ بھٹی، ڈائریکٹر پاکستان سپر لیگ صہیب شیخ موجود تھے۔ فرنچائزز کی نمائندگی ملتان سلطانز کے مالک علی ترین، لاہور قلندرز کے عاطف رانا اور سمین رانا، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ندیم عمر اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے مالک علی نقوی نے کی۔

بولرز کیلئے کچھ سپورٹ کرکٹ میں ضرور ہونی چاہیے، سہیل خان

پی ایس ایل میں نوجوان کھلاڑیوں کو سینئر سے سیکھنا چاہیے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر سہیل خان نے کہا ہے کہ بولرز کیلئے بہت مشکلات پیدا ہوگئی ہیں، انکے لیے کچھ سپورٹ کرکٹ میں ضرور ہونی چاہیے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے پی ایس ایل بہترین موقع ہے، پی ایس ایل میں نوجوان کھلاڑیوں کو سینئر سے سیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بولرز کیلئے بہت مشکلات پیدا ہوگئی ہیں، باؤنڈریز بھی چھوٹی ہوگئی ہیں، پچز فلیٹ ہوگئیں، بولرز کے لیے کچھ سپورٹ کرکٹ میں ضرور ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ باؤنڈریز کم سے کم 70 میٹر کی ہونی چاہیے۔ سہیل خان نے کہا کہ 2015 ورلڈکپ میں اے بی ڈیویلیئرز کی وکٹ سب سے یادگار ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نے کھلاڑیوں کو بہترین ماحول دیا ہے۔ اعظم خان منیجر ہیں، مذاق مستی کرتے ہیں، سپورٹ کرتے ہیں۔

مجھے پیرس اولمپکس سے کیوں محروم رکھا گیا، ویٹ لفٹر نوح دستگیر

اولمپکس میں میڈل جیتنا کوئی مشکل کام نہیں تھا، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) کامن ویلتھ گیمز گولڈ میڈلسٹ ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے کہا ہے کہ مجھے پیرس اولمپکس سے کیوں محروم رکھا گیا، حکومت اور پاکستان اسپورٹس بورڈ کو یہ معاملہ دیکھنا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو میں نوح دستگیر بٹ نے کہا کہ پیرس اولمپکس میں شرکت نہ کرنے کا افسوس نہیں، میں مایوس تب ہوتا جب میں بیرون ملک ٹریننگ کرکے پیرس جاتا اور میڈل نہ جیتتا، مجھے تو کیمپ میں نہیں بلایا گیا، مجھے ٹریننگ کے لیے باہر نہیں بھیجا گیا، تو اس لیے اولمپکس میں نہ جانے کا افسوس نہیں۔ نوح دستگیر بٹ نے لاہور میں ہونے والی نیشنل پاور لفٹنگ چیمپئن شپ میں حصہ لیا اور دو نئے نیشنل ریکارڈز بھی قائم کیے، فیڈریشن اور پی او اے کے ساتھ معاملات اچھے ہورہے ہیں، جلد بڑے ایونٹ میں نظر آؤں گا، میں بھرپور ٹریننگ کررہا ہوں، کامن ویلتھ گیمز کے علاوہ دیگر ایونٹس بھی ہیں، ایکشن میں نظر آؤں گا اور میڈلز جیتوں گا۔ انہوں نے کہا کہ جن ایتھلیٹس نے میڈلز جیتے ہوں انہیں مسلسل دو تین سال ٹریننگ دیں، کامن ویلتھ گیمز میں جیتنے والوں کی سرپرستی کرتے تو اولمپکس میں میڈل جیتنا کوئی مشکل کام نہیں تھا، حکومت سپورٹ کرے، ٹریننگ کیمپ دے اور میڈیکل پینل تشکیل دے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی کارکردگی سے بہت خوش ہوں، شین واٹسن

کوشش ہے کہ پلیئرز کو ایسا ماحول دوں جس میں وہ بہتر محسوس کریں، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ہیڈ کوچ اور سابق آسٹریلوی کرکٹر شین واٹسن نے کہا ہے کہ بطور کوچ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی کارکردگی سے بہت خوش ہوں، کوشش ہے کہ پلیئرز کو ایسا ماحول دوں جس میں وہ بہتر محسوس کریں۔ ایک انٹرویو میں شین واٹسن نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں پلیئرز نے اپنا بہترین کھیل پیش کیا ہے، کراچی کے خلاف ردرفورڈ نے شاندار اننگز کھیلی تھی۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی کے مقابلے میں کوچنگ کم تناؤ والا کام ہے، میں کوچنگ اسائنمنٹ انجوائے کررہا، کوئٹہ کا کوچ ہونا اعزاز ہے۔ شین واٹسن نے کہا کہ سعود شکیل کافی باصلاحیت پلیئر ہے، سعود شکیل ہر طرح کی بولنگ کو اطمینان سے کھیل سکتا ہے، یقین ہے کہ وہ بطور اوپنر مزید بہترین اننگز کھیلے گا۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ جیسن روئے کے ساتھ اس کی اوپننگ جوڑی ایک مفید کامبی نیشن ہے، خواجہ نافع کا گیند کو ہٹ کرنے کا انداز دیگر پلیئرز سے مختلف ہے، خواجہ نافع کے شاٹس کی قوت اور بیٹ کی اسپیڈ قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلیئرز کو یہی پیغام ہوتا ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں پر پورا بھروسہ کریں، کرکٹ فیلڈ پر کامیابی کیلئے ضروری ہے

لاہور: نیشنل اوپن پولو چیمپئن شپ میں ایف جی پولو اور ماسٹر پینٹس ڈائمنڈ پینٹس کے درمیان سیمی فائنل میچ کا منظر۔ (فوٹو این این آئی)

خواہش ہے ویرات کوہلی کو آؤٹ کروں، سلمان ارشاد

سینے پر جب تک اسٹار نہیں لگ جاتا اس وقت تک خواب پورا نہیں ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 9 کی فرنچائز پشاور زلمی کے فاسٹ بولر سلمان ارشاد نے کہا ہے کہ خواہش ہے پاکستان کی نمائندگی کروں اور ویرات کوہلی کو آؤٹ کروں۔ ایک انٹرویو سلمان ارشاد نے کہا کہ پی ایس ایل، سی پی ایل اور ٹی ٹین میں دنیا کے ہر ٹاپ بیٹر کو آؤٹ کیا ہے، نیٹ پر ویرات کوہلی کو بولنگ کراچکا ہوں مگر میچ کی خواہش ہے۔ انہوں نے کہا خواہش ہے کہ پاکستان کی نمائندگی کروں اور ویرات کوہلی کو آؤٹ کروں، پی ایس ایل میں بابر اور رضوان، سی پی ایل میں پولارڈ اور رسل کو آؤٹ کرچکا ہوں، جیسی بیٹنگ کنڈیشنز پی ایس ایل میں ہیں اس میں اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مختصر باؤنڈری میں مس ہٹ بھی باؤنڈری ہوجاتی ہے، کوشش ہوگی کہ ٹورنامنٹ کے اختتام تک ٹاپ بولر بن جاؤں، پاکستان کیلئے کھیلنا میرا ہدف ہے، سینے پر جب تک اسٹار نہیں لگ جاتا اس وقت تک خواب پورا نہیں ہوگا۔ سلمان ارشاد نے کہا کہ فاسٹ بولرز میں مقابلہ سخت ہے لیکن میں محنت کررہا ہوں، امید ہے موقع ملے گا، آج کل کی ٹی ٹوئنٹی میں بولرز کے پاس آپشن کم ہے، بولرز کو اب بیٹرز سے ایک قدم آگے سوچنا پڑتا ہے۔ کرکٹر نے کہا کہ بابراعظم مجھے بہت اچھی طرح سمجھاتے ہیں، بابر جیسے بیٹر کو بولنگ کرنا چیلنج ہوتا ہے، ان کے ساتھ کھیلنا اعزاز کی بات ہے، پشاور زلمی واحد ٹیم ہے جو ہر سال پلے آف کھیلی ہے، امید ہے اس سال بھی فائنل کھیلیں گے۔

خواجہ نافع نے پی ایس ایل کو کیریئر کیلئے بہترین موقع قرار دیدیا

پی ایس ایل کا تجربہ اب تک بہت اچھا رہا، نوجوان کے لیے بہت بڑا پلیٹ فارم ہے

کراچی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بیٹر خواجہ نافع نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی تجربہ کار بولر ہیں، ان کو کھیلنا مشکل ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ نافع نے کہا کہ پی ایس ایل کا تجربہ اب تک بہت اچھا رہا، پی ایس ایل نوجوان کے لیے بہت بڑا پلیٹ فارم ہے۔ خواجہ نافع نے کہا کہ ویوین رچرڈز، سرفراز احمد، شین واٹسن سے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے، میں اپنی نیچرل ہٹنگ کرتا ہوں اور صورت حال کے حساب سے کھیلتا ہوں، ہر شاٹ کی دو دو تین تین گھنٹے پریکٹس کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کافی کھلاڑیوں سے سیکھتا رہتا ہوں اور بات چیت کرتا رہتا ہوں، فی الحال پاکستان سپر لیگ پر فوکس ہے، جیسے جیسے مواقع ملیں گے، وہاں پرفارمنس دینے کی کوشش کروں گا۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بیٹر نے کہا کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کافی کھلاڑی پاکستان کرکٹ کلب سے ہیں جہاں سے میں نے بھی کھیلا ہے، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو فائنل جتوانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صائم ایوب کے ساتھ بچپن سے ہوں، بھارت بھی ساتھ جاچکے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

بھارتی معاشرہ جنس زدہ اور بوسیدہ ہوچکا؛ اداکارہ ریچا چڈھا

بھارتی اپنے ملک میں غیر ملکیوں کے ساتھ ایسا سلوک کررہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی ریاست جھارکھنڈ میں غیرملکی خاتون سیاح کے ساتھ اجتماعی زیادتی پر شدید غصے کا اظہار کرتے ہوئے اداکارہ ریچا چڈھا نے کہا کہ مجھے ہمارے بوسیدہ اور جنس زدہ معاشرے پر شرم آتی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ ریچا چڈھا نے سوشل میڈیا پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ بھارتی اپنے ملک میں غیر ملکیوں کے ساتھ ایسا سلوک کررہے ہیں جیسا وہ اپنی خواتین کے ساتھ برتاؤ رکھتے ہیں۔ ان پر تشدد کرتے ہیں اور جنسی زیادتی کا نشانہ بناتے ہیں۔ اداکارہ ریچا چڈھا نے مزید لکھا کہ یہ بہت شرمناک بات ہے۔

نہال نسیم سر سے پاؤں تک مجھے کاپی کرتی ہے، آئمہ بیگ

فلیچہ اور نرملا سمیت کئی لڑکیاں ہیں جو بہت اچھا گاتی ہیں

کراچی (این این آئی) گلوکارہ آئمہ بیگ نے دعویٰ کیا ہے کہ ابھرتی ہوئی گلوکارہ نہال نسیم مجھے مکمل کاپی کرتی ہیں۔ معروف اداکار و میزبان احمد علی بٹ کے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے آئمہ بیگ نے اپنے کیریئر اور بریک اپ اسٹوری سمیت مختلف موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ انڈر ریٹیڈ پاکستانی گلوکاروں کے بارے میں بات کرتے ہوئے آئمہ بیگ نے کہا کہ فلیچہ اور نرملا سمیت کئی لڑکیاں ہیں جو بہت اچھا گاتی ہیں لیکن لوگ انکے نام بھی نہیں جانتے لیکن ایک لڑکی جس پر مجھے بہت فخر ہوتا ہے وہ نہال نسیم ہے۔ آئمہ بیگ نے کہا نہال نسیم وہ لڑکی ہے مجھے یاد ہے کہ اس کی شروعات کیسے ہوئی۔

فرحان سعید اور گوہر ممتاز کے درمیان لفظی جنگ جاری

کراچی (این این آئی) سال 2002ء میں گیت 'عادت' کی وجہ سے مشہور ہونے والے پاکستانی میوزک بینڈ 'جل' کے سابق گلوکار و اداکار گوہر ممتاز نے ایک بار پھر سابق ساتھی گلوکار فرحان سعید کے سُروں پر تنقید کردی۔ گزشتہ دنوں گوہر ممتاز نے ایک انٹرویو میں دعویٰ کیا تھا کہ فرحان سعید اوسط آواز کے مالک ہیں، انہوں نے فرحان سعید کی آواز اور گائیکی پر بہت محنت کی تھی اور اُن کی وجہ سے ہی فرحان سعید آج موسیقی کی دنیا میں ہیرو بنے ہیں۔ گوہر ممتاز کے اس انٹرویو کے بعد فرحان سعید نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل پر اپنے حالیہ مختلف کنسرٹ کی ویڈیو کلپس پوسٹ کیں۔ فرحان سعید کی جانب سے پوسٹ کی گئیں ویڈیو کلپس پاکستان کے 9 مختلف شہروں میں ہونے والے گلوکار کے کنسرٹس کی ہیں۔

مایا علی کے نئے فوٹوشوٹ کی سوشل میڈیا پر دھوم

مایا علی کی مذکورہ تصاویر سوشل میڈیا پر آتے ہی چھا گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مایا علی کے نئے فوٹوشوٹ نے فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچادیا۔ حال ہی میں مایا علی نے اپنے نئے فوٹو شوٹ کی تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر مداحوں کیساتھ شیئر کیں جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئیں۔ مذکورہ فوٹو شوٹ اداکارہ نے اپنے کلاتھنگ برانڈ کیلئے کروایا ہے جس میں انہوں نے ٹی پنک رنگ کی فراک زیب تن کررکھی ہے۔ تصاویر میں اداکارہ کانوں میں بھاری جھمکے اور کلائیوں میں خوبصورت کڑے پہنے مختلف اداؤں کے ساتھ مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروا رہی ہیں

'بچنا اے حسینوں' میں کام کیا لیکن فلم سے کردار غائب کردیا گیا

فلم میں دیپیکا، بپاشا باسو اور منیشا لامبا کیساتھ میری سلیکشن بھی ہوگئی تھی، کترینہ کیف

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ کترینہ کیف نے رنبیر کپور کی 2008 کی بلاک بسٹر فلم 'بچنا اے حسینوں' میں کاسٹ ہونے اور پھر فلم سے غائب ہونے کی کہانی سنا دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ کترینہ کیف نے حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو میں بتایا کہ رنبیر کپور کی فلم 'بچنا اے حسینوں' میں دیپیکا پڈوکون، بپاشا باسو اور منیشا لامبا کے ساتھ میں چوتھا کردار تھی۔ رنبیر کپور ان لڑکیوں سے محبت کے دعوے کرتا تھا اور فلم اسی کہانی کے گرد گھومتی تھی۔ مجھے یہ کہانی پسند آئی تھی اور آڈیشن کے بعد میری سلیکشن بھی چوتھی لڑکی کردار کے طور پر ہوگئی۔

اگر کراچی کے علاوہ کہیں رہنا ہوتو مدینہ جاؤں گا

وہاں پوری زندگی آرام سے رہ سکتا ہوں، منیب بٹ



کراچی (این این آئی) اداکار منیب بٹ نے کہا ہے کہ کئی بار کچھ وجوہات پر کراچی سے کسی دوسرے شہر میں شفٹ ہونے کے بارے میں سوچا۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے منیب بٹ نے کہا کہ میں کراچی میں پیدا ہوا اور یہیں پرورش پائی، کراچی والے دنیا کے کسی بھی شہر میں جاکر زیادہ وقت نہیں گزار سکتے کیونکہ انہوں دوبارہ اپنا یہ شہر اور یہاں کی رونقیں یاد آنے لگتی ہیں۔ منیب بٹ نے بتایا کہ میں نے اور میری فیملی نے کئی بار سوچا اس بارے میں کہ ہم لوگ اب کسی اور شہر میں شفٹ ہوجاتے ہیں لیکن ہمارا یہ ارادہ ہر بار ناکام ہوجاتا ہے۔

سونم باجوہ نے 3 سال سے خفیہ شادی کررکھی ہے

سونم باجوہ نے نہ صرف پنجابی بلکہ ہندی، تیلگو اور تامل انڈسٹریز میں بھی کام کررکھا ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ پنجاب ریاست کی معروف اداکارہ سونم باجوہ نے گزشتہ تین برسوں سے دہلی کے پائلٹ سے خفیہ طور پر شادی کررکھی ہے۔ سونم باجوہ پنجابی فلم انڈسٹری کے مقبول ترین ناموں میں سے ایک ہیں، انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 2013ء میں پنجابی فلم 'بیسٹ آف لک' سے کیا تھا۔ سونم باجوہ نے نہ صرف پنجابی بلکہ ہندی، تیلگو اور تامل انڈسٹریز میں بھی کام کررکھا ہے، خوبرو اداکارہ کے مداحوں کی ایک بڑی تعداد ہے جن کے دل حال ہی میں زیرگردش خبروں کے سبب ٹوٹتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ بھارتی میڈیا 'بالی ووڈ شادیز' کے مطابق 2020ء میں کورونا لاک ڈاؤن کے دوران سونم باجوہ نے دہلی کے ایک پائلٹ سے شادی کرلی تھی، سونم باجوہ نے اپنی خفیہ شادی کو تین برسوں سے صیغہ راز میں رکھا ہوا ہے۔

بقیہ 1

، پاکستان کے پہلے منتخب وزیراعظم اور پاکستان کو متفقہ جمہوری آئین دینے والے چیئرمین اسلامی سربراہ کانفرنس ذوالفقار علی بھٹو شہید کے خلاف مقدمہ قتل میں دی گئی سزائے موت کے حوالے سے دیا کہ بھٹو مقدمے میں انہیں فیئر ٹرائل نہیں دیا گیا، یوں سپریم کورٹ نے اپنے ہی 44 سالہ پرانے فیصلے کو مسترد کر دیا ہے۔ دنیا کے ممتاز قانون دان اور پاکستانی عوام پہلے ہی بھٹو کی سزائے موت کو عدالتی قتل قرار دے چکے تھے۔ اس کے علاوہ پاکستانی عدالتوں میں بھی بھٹو شہید کے خلاف مقدمہ قتل کو کبھی بھی نظیر کے طور پر پیش نہیں کیا گیا، اگرچہ بھٹو کی شہادت نے پاکستانی سماج، ریاست اور سیاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے اور آج بھی اس کے اثرات محسوس کئے جاسکتے ہیں لیکن یہ امر اطمینان بخش ہے کہ ان کے خلاف کی گئی ناانصافی کو تسلیم کرلیا گیا ہے کہ ایک فوجی ڈکٹیٹر نے اپنے غاصبانہ اقتدار کو طول دینے کے لئے ایک محبوب اور مقبول سیاسی رہنما کو عدالتوں کے ذریعے جسمانی طور پر ختم کرنے کی سازش کی۔ صوبہ پنجاب کا منتخب ایوان ذوالفقار علی بھٹو شہید کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور ان کے عظیم کارناموں کو سراہا ہے اور ان کو قومی ہیرو کا درجہ دینے کی سفارش کرتا ہے۔ پنجاب اسمبلی میں بانی پیپلز پارٹی اور سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو سرکاری طور پر شہید اور قومی و جمہوری ہیرو قرار دینے کی قرارداد کو کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا۔

بقیہ 2

اسمبلیوں کی متعدد مخصوص نشستیں ابھی خالی ہیں، الیکٹورل کالج مکمل ہونے تک الیکشن ملتوی کیا جائے۔ یاد رہے کہ الیکشن کمیشن نے 9 مارچ کو صدارتی انتخاب کرانے کا اعلان کر رکھا ہے جس کے لیے پیپلز پارٹی کے آصف علی زرداری اور سنی اتحاد کونسل کے محمود خان اچکزئی کے کاغذات نامزدگی منظور ہو چکے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کا بھی اس حوالے سے بیان سامنے آیا تھا جس میں ان کا کہنا تھا خواہش ہے کہ محمود خان اچکزئی کو صدارتی الیکشن میں ووٹ دوں لیکن پارٹی کا فیصلہ واجب ہے کہ ووٹ نہیں ڈالنا۔ دوسری جانب ایم کیو ایم پاکستان نے صدارتی الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار آصف علی زرداری کو ووٹ ڈالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 3

ہوئیں تو تین لیڈی وارڈن صباء، اسماء، عروسہ نے وویمن ڈے کی مناسبت سے پائلٹ کے فرائض سرانجام دیئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب میں پہنچنے پر تینوں وارڈن کا شکریہ ادا کیا اور تصویر بنائی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فوڈ اتھارٹی، صنعت زار، قصرہ بہبود، پی آئی ٹی بی اور بینک آف پنجاب کے سٹالز کا معائنہ کیا اور سٹالز پر رکھی اشیاء میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے سٹالز پر خواتین کے لئے خوراک اور دیگر امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دستکاریوں اور ہاتھ سے بنی اشیاء کا معائنہ کیا اور خوبصورت دستکاری سے مزین اجرک نما سوٹ خود ادائیگی کر کے خریدا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بینک آف پنجاب کے سٹالز پر سکوٹی سکیم سے آگاہ کیا گیا۔ بینک آف پنجاب نے خواتین کے لئے مخصوص ناز اکاؤنٹ ہولڈرز کو قرعہ اندازی کے ذریعے تین سکوٹی مفت دیں۔

بقیہ 4

کاری مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے بھی برگد کا پودا لگایا۔ شجرکاری مہم موسم بہار 2024ء میں 2 ہزار طالبات اور خواتین نے بھی پودے لگائے۔ شجرکاری مہم میں وویمن ڈے پر خواتین کے بیک وقت 12 ہزار پودے لگانے کا منفرد اعزاز ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ وویمن ڈے پر صوبہ بھر میں 6 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔ موسم بہار شجر کاری میں مجموعی طور پر ایک کروڑ 40 لاکھ پودے لگائے جائیں گے۔ دریاؤں اور درختوں کے کنارے بھی بڑے پیمانے پر شجر کاری ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شجرکاری مہم موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں معاون ثابت ہوگی۔ درخت ماحولیاتی آلودگی اور سموگ میں کمی لاتے ہیں۔ درخت زمینی کٹاؤ کو روکنے اور زرخیزی بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین، طالبات اور سکاؤٹ بچوں کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، رکن صوبائی اسمبلی ثانیہ عاشق، چیف سیکرٹری، سیکرٹریز، کمشنر اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 5

نے چاروں صوبوں کو گائیڈ لائن جاری کر دی، دو سال یا کم سزا یافتہ عورتوں اور بچوں پر معافی کا اطلاق ہوگا، قتل، جاسوسی، تخریب کاری، ریاست مخالف سرگرمیوں کے لیے سزا یافتہ قیدیوں پر اطلاق نہیں ہو گا۔ اغوا/اغوا، ڈکیتی، ڈکیتی اور زنا آرڈیننس، انسداد دہشت گردی ایکٹ، فارنرز ایکٹ اور کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹنس (ترمیمی) ایکٹ کے تحت سزا پانے والوں کو معافی نہیں ہو گی۔ وہ مرد قیدی جن کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہے اور وہ کم از کم ایک تہائی قید کی سزا سے گزر چکے ہیں ان کے لئے بھی معافی کا اعلان کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق مالی غبن اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے مقدمات میں سزا یافتہ قیدی معافی کے حقدار نہیں ہوں گے۔

بقیہ 6

کرنے والوں کو 1075 روپے، کھجور کے حساب سے 2300 روپے، کشمش کے حساب سے 3100 روپے اور منقی کے حساب سے 4600 روپے ہوگا۔ 30 روزوں کا فدیہ بالترتیب گندم کے حساب سے 9900 روپے، جو کے مطابق 32350 روپے، کھجور کے حساب سے 69000 روپے، کشمش کے حساب سے 93000 روپے اور منقی کے حساب سے 13800 روپے ادا کرنا ہوگا جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفارہ مسلسل 60 روزے رکھنا یا پھر 60 مساکین کو دو وقت کا کھانا کھلانا ہے۔

بقیہ 7

کو شمسی توانائی کی نمایاں آمد کو مربوط کرنے سے پہلے حل کرنے کی ضرورت ہے، توانائی کے فوائد بارے عوامی آگاہی اہم ہے، اس سے شمسی توانائی کی ترقی کے لئے زیادہ سازگار سماجی اور سیاسی ماحول پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی کی سولر پاور کمپنی سن گرو پاور نے حال لاہور اور کراچی میں پاور ڈے روڈ شو 2024 کا کامیاب اختتام کیا۔ روڈ شو کے لاہور مرحلے میں سولر پاکستان ایکسپو 2024 کی تقریب ہوئی، جہاں سن گرو نے 1.3 گیگا واٹ شمسی توانائی کی فراہمی کے ساتھ ایک اہم سنگ میل عبور کیا۔ یہ کامیابی پاکستانی مارکیٹ کے ساتھ کمپنی کے مضبوط عزم اور ملک کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت پر اس کے اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ روڈ شو کے دوران پاکستانی ماہرین اور سن گرو کے نمائندوں نے پاکستان میں شمسی توانائی کے وسیع مواقع تلاش کرنے کے لئے جاندار گفتگو کی۔ انہوں نے توانائی کی طلب اور ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے ملک کے وافر شمسی وسائل کو بروئے کار لانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ پاکستان شمسی وسائل سے مالا مال ہے اور درست حکمت عملی اور سرمایہ کاری کے ذریعے ہم اپنے ملک کے مستقبل کو بجلی فراہم کرنے کے لیے اس صلاحیت کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔ شمسی توانائی کی یہ فراوانی فوسل ایندھن کا ایک صاف اور پائیدار متبادل پیش کرتی ہے، درآمدی توانائی پر انحصار کو کم کرتی ہے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرتی ہے، جو آج پاکستان کو درپیش مشکل ترین مسائل میں سے ایک ہے۔ گوادر پرو کے مطابق موڈور انٹیلی جنس کی ایک رپورٹ کے مطابق 2022 تک پاکستان میں شمسی توانائی کی مجموعی صلاحیت 1.242 گیگاواٹ ہے جو 2021 کے مقابلے میں 15.4 فیصد زیادہ ہے۔ شمسی توانائی میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے کیونکہ حکومت کم از کم 1 ملین صارفین کا ہدف رکھتی ہے اور نیٹ میٹرنگ کے ذریعے شمسی توانائی میں تقریبا 3000 میگاواٹ کا اضافہ کرتی ہے۔ آنے والے برسوں میں یوٹیلیٹی سیکٹر پاکستان میں سولر مارکیٹ میں سب سے اہم کھلاڑی بننے کا امکان ہے۔ گوادر پرو کے مطابق تاہم، چیلنجز معمولی نہیں ہیں۔ بنیادی رکاوٹوں میں سے ایک بنیادی ڈھانچے اور بڑے پیمانے پر شمسی توانائی کے نظام کی حمایت کے لئے ضروری گرڈ کنکشن کی کمی ہے۔ پاکستان کے گرڈ کو اس وقت قابل اعتماد اور کارکردگی کے مسائل کا سامنا ہے جن کو شمسی توانائی کی نمایاں آمد کو مربوط کرنے سے پہلے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ مالی مشکلات بھی ایک چیلنج ہیں۔ پاکستان کو شمسی توانائی کی ترقی میں غیر ملکی سرمایہ کاری اور تکنیکی معاونت کو راغب کرنے کے لئے اپنی اسٹریٹجک پوزیشن اور سفارتی تعلقات سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ بین الاقوامی تنظیموں اور شمسی توانائی میں مہارت رکھنے والے دیگر ممالک کے ساتھ تعاون، جیسے چین، جو دنیا کا سب سے بڑا شمسی ان پٹ اور پیداوار کرنے والا ملک ہے، قابل قدر بصیرت اور وسائل فراہم کرسکتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان میں سن گرو کے کنٹری ڈائریکٹر ہاورڈ فو نے کہا کہ شمسی توانائی کے فوائد کے بارے میں عوامی آگاہی اور تعلیم بھی اہم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قابل تجدید توانائی کو فروغ دینے اور شہریوں کو گھریلو سطح پر شمسی توانائی سے چلنے والے نظام کو اپنانے کی ترغیب دینے کے اقدامات سے شمسی توانائی کی ترقی کے لئے زیادہ سازگار سماجی اور سیاسی ماحول پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق روڈ شو کے کراچی مرحلے نے اپنی رفتار جاری رکھی اور اسی طرح کے مباحثوں اور نمائشوں نے دلچسپی رکھنے والے شرکا کی ایک بڑی تعداد کو اپنی طرف متوجہ کیا۔

بقیہ 8

کمیشن میں خواتین کے جاب کوٹہ کو 10 سے بڑھا کر 15 فیصد کرنے کا اعلان کیا اور ہر محکمے میں خالی آسامیوں پر خواتین کی بھرتی مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ورک پلیس پر ڈے کیئر سینٹرز بنانے کے لئے ایک ارب روپے کا فنڈ مختص کیا جائے گا۔ ورکنگ وویمن کے لئے ہوسٹلز بنائے جائیں گے۔ خواتین کے لئے پیڈ انٹرن شپ شروع کی جائے گی۔ آن لائن بزنس کے لئے خواتین کو 50 فیصد قرضے دیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اعلان کیا کہ بورڈ آف ریونیو بیٹیوں کے حصہ کا تعین کر کے ورثہ کو جائیداد منتقل کرے گا۔ بہن اور بیٹی کو پراپرٹی گفٹ کرنے پر انتقال فیس نہیں لی جائے گی۔ 3 دن میں ورکنگ وویمن کے لئے میٹرنٹی لیو منظور کرنے کا قانون بنایا جائے گا۔ جمنیزیم اور سٹیڈیم میں خواتین کے لئے الگ جگہ اور اوقات کار مقرر کیے جائیں گے۔ حکومتی اداروں میں خواتین کے لئے الگ واش رومز اور نماز کے لئے جگہ مختص کی جائے گی۔ رائیڈر بالخصوص لڑکیوں کو پنک بائیک دی جائیں گی اور تحفظ کے لئے قانون سازی ہوگی۔ یونیورسٹی فیس واپسی میں خواتین کا تناسب 50 سے 70 فیصد ہوگا۔ انٹرنیشنل سکالرشپ میں خواتین کا تناسب 50 سے 70 فیصد ہوگا۔ پنجاب بھر میں دستکاریوں کے فروغ کے لئے صنعت زار کو بحال کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں کمسن بچیوں کی گھریلو ملازمت کے سدباب کے لئے سخت قانون سازی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ماں باپ بیٹیوں کو اعتماد، اعتبار اور مواقع دیں۔ بیٹی یا بہن انجینئر یا ڈاکٹر بننا چاہتی ہے تو اسے بننے دیا جائے۔ بیٹی پڑھنا چاہتی ہے یا کھیلنا چاہتی ہے تو اسے آگے آنا کا موقع ملنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ ہونے کا اعزاز دیا ہے۔ وزرات اعلیٰ کا اعزاز صرف میرا نہیں بلکہ ہر ماں، بیٹی اور بہن کا ہے۔ یہ اعزاز ہر اس مرد کا ہے جو اپنی خواتین کو آگے بڑھتے دیکھنا چاہتے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ وزارت اعلیٰ پر خاتون کے فائز ہونے کا سلسلہ جاری رہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری وویمن ڈیپارٹمنٹ خواتین کا عالمی دن منانے کے لئے بہترین انتظامات کیے ہیں، آپ کا شکریہ کہ دل کی باتیں خواتین سے کرنے کا موقع دیا۔ میں سمجھتی ہوں کہ خواتین کا صرف 8 مارچ دن نہیں ہے بلکہ سال کے 365 دن ہی خواتین کے ہیں۔ گھر میں بیٹھی خواتین جو بغیر شکایت کیے دن رات کام کرتی ہیں وہ ہماری اصل ہیروز ہیں، ہر دن ان کا ہے۔ ورکنگ وویمن جو گلاس سیلنگ اور نفسیاتی حد عبور کر کے محنت کرتی ہیں ان کو سلام پیش کرتی ہوں۔ وزیراعلیٰ آفس سے آتے ہوئے میں نے دیکھا کہ میرے آگے تینوں پائلٹ آفیسر خواتین ہیں۔ پائلٹ آفیسر، صباء، عروسہ اور اسماء کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی اور ان کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر ایک ذہین خاتون ہیں۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر ٹریفک کے مسائل حل کے میں بہت فائدہ مند کردار ادا کر رہی ہیں۔ خواتین ٹریفک وارڈن ہمارے قافلے کو لیڈ کر رہی ہیں۔ ایس ایس پی انوش، اے ایس پی سدرہ خان اور شازیہ کو سٹیج پر بلا کر خراج تحسین پیش کرنا چاہوں گی۔ خواتین ہر جگہ پر کمال کا کام کر رہی ہیں، مجھے دیکھ کر فخر ہوتا ہے۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب، صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری ہماری ایم این ایز اور ایم پی ایز سب قابل فخر انداز میں فرائض سرانجام دے رہی ہیں۔ ایک خاتون کو اپنا لوہا منوانے کے لئے مرد سے دوگنا زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے۔ مجھے بھی مسلم لیگ ن میں 12 سے 13 سال سخت محنت کرنی پڑی اور ایسے ہی مسائل کا سامنا رہا۔ ہر ماں، بہن اور بیٹی کے لئے پیغام ہے کہ عورت ہونا آپ کے خواب میں رکاوٹ نہیں ہوسکتا۔ مجھے بہت فخر ہے آپ سب خواتین پر۔ خواتین خصوصاً بچیاں اگر سکول، کالج اور یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتی ہیں تو ان کے گھروں والوں کو مکمل ساتھ دینا چاہیے، حکومت معاونت کرے گی۔ خواتین میں بہت زیادہ پوٹینشل ہے جسے ملکی ترقی کے لئے استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ ماں باپ اور بھائی، اپنی بیٹوں اور بہنوں کو پر اعتماد بنائیں تاکہ بیٹوں کی طرح بیٹیاں اپنے والدین کا نام روشن کر سکیں۔ تقریب میں امریکن قونصل جنرل کرسٹین کے ہاکنز کی خصوصی شرکت کی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب، ارکان اسمبلی، آئی جی، حکومت پنجاب اور پولیس کی لیڈی افسران کی بہت تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔

بقیہ 9

پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، سپریم کورٹ کے جسٹس (ر) خلیل الرحمٰن رمدے، جسٹس (ر) اعجاز احمد چودھری، لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس مس عالیہ نیلم سمیت بارز کے عہدیداران، صوبائی وزراء، وفاقی و صوبائی لاء افسران، اور انتظامی افسران شریک ہوئے۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان 15 مارچ 1963 کو پنڈی گھیپ ضلع اٹک میں پیدا ہوئے، انہوں نے گورڈن کالج راولپنڈی سے گریجوایشن کیا، اس کے بعد 1989 میں یونیورسٹی لاء کالج پنجاب یونیورسٹی لاہور سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی اور 1990 میں راولپنڈی میں قانون کی پریکٹس شروع کر دی، 1993 میں ہائیکورٹ اور 2004 میں سپریم کورٹ کے ایڈووکیٹ بن گئے۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے 21 سال بطور وکیل پریکٹس کی اور بڑی تعداد میں مقدمات لڑے، 2004 میں ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی کے سیکرٹری جنرل اور 2009 میں ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی کے صدر منتخب ہوئے۔ نئے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ 12 مئی 2011 کو عدالت عالیہ میں ایڈیشنل جج بنے اور 11 مئی 2013 کو کنفرم ہوئے، وہ بطور چیف جسٹس 15 مارچ 2025 کو عہدے سے ریٹائرڈ ہوں گے، اس طرح 12 ماہ 6 دن تک چیف جسٹس کے عہدے پر براجمان رہیں گے۔

بقیہ 10

اظہار انہوں نے عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اقتدار اعلیٰ کا اختیار اللہ کے پاس ہے، ہم ایک اسلامی معاشرے میں رہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کی بیداری کے لیے خواتین کی بیداری ضروری ہے، آئین میں حاکمیت اللہ تعالیٰ کی ہے، آئین کے منافی کوئی قانون سازی نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ 11

علیحدہ کاؤنٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ وومن ڈے پر پولیس شہدا کی بہادر اور نڈر ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کو میرا اسلام۔ ٹریفک پولیس میں اپنی خدمات سرانجام دینے والی بہادر خواتین ہمارا فخر ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک نے کہا کہ خواتین کے عالمی دن پر صوبہ بھر کے لائسنسنگ سینٹرز میں خواتین کیلئے علیحدہ کاؤنٹرز کا قیام، خواتین کیلئے الگ لائسنسنگ کاؤنٹر بنانے کا مقصد انھیں تحفظ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول سے خواتین زیادہ پر اعتماد طریقے سے ڈرائیونگ کرسکیں گی، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول سے خواتین خودمختار ہوں گی، خواتین با اختیار ہوں گی تو معاشرے میں ایک واضح تبدیلی نظر آئیگی۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ معاشرتی وسماجی ترقی کیلئے مردوں کیساتھ خواتین کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے، اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی سہولت کیلئے آن لائن لائسنسنگ سروس بھی فراہم کی ہے۔

بقیہ 12

پاکستانی خواتین میں خود اعتمادی پیدا ہو رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد صوبائی سطح پر بھی خواتین کے مسائل کو دیکھنا ہوگا، وفاقی حکومت بھی خواتین کے مسائل حل کرنے میں اپنا کردار ادا کرے گی۔ ثمینہ خالد گھرکی نے کہا کہ دیہی علاقوں میں بھی خواتین کو با اختیار بنانا اور تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے، ہر سطح پر خواتین کو مل کر ایک دوسرے کو سپورٹ کرنا ہوگا۔

بقیہ 13

گلوبل فنانسنگ فیسلیٹیز (GFF)، غزنہ صدیقی اور ڈائریکٹر پروگرامز وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن ڈاکٹر مریم سرفراز نے شرکت کی۔ پاکستان نیشنل ہیلتھ سپورٹ پروجیکٹ ایک تین سالہ پروجیکٹ ہے جو وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری (ICT)، گلگت بلتستان (GB) اور آزاد جموں و کشمیر (AJK) کے محکمہ صحت کے ذریعے چلا رہا ہے۔ اس پروجیکٹ کا مقصد صحت کے نظام کو مضبوط بنانا اور اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں کشمیر کے تین اضلاع میں صحت کے ضروری پیکج (EPHS) کو نافذ کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کو صحت کی ضروری خدمات فراہم کرنا ہے۔ ورلڈ بینک اور گلوبل فنانسنگ فیسلیٹیز کے نمائندوں نے وزارت کو ان کی تنظیموں کی جانب سے پسماندہ اور دیہی علاقوں میں بہتر یونیورسل ہیلتھ کوریج (UHC) کے منصوبے پر عمل درآمد کے لیے تعاون جاری رکھنے کا یقین دلایا۔ وفاقی سیکرٹری وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن نے کہا کہ پروجیکٹ کمیونٹیز کو صحت کی ضروری خدمات فراہم کرنے کو یقینی بنائے گا اور ہدف بنائے گئے علاقوں کے بنیادی مراکز صحت کی مجموعی حالت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے پروجیکٹ پر ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی کہ تمام ضروری وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پراجیکٹ کی تکمیل میں تیزی لائیں تاکہ آئی سی ٹی، اے جے کے اور جی بی کے لوگ جلد از جلد اس پروجیکٹ کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 14

مرکزی و زونل رویت ہلال کمیٹی پشاور کے ممبران، وزارت مذہبی امور، محکمہ سپارکو، محکمہ موسمیات اور وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سے تعلق رکھنے والے نمائندگان بھی شریک ہوں گے، پورے ملک میں زونل کمیٹیوں کے اجلاس ان کے متعلقہ ہیڈکوارٹرز لاہور، کراچی، کوئٹہ، اسلام آباد میں منعقد کیے جائیں گے جس میں ماہ رمضان المبارک کے چاند کی رویت کا فیصلہ کیا جائے گا۔ مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ تمام اہلیان پاکستان سے اپیل ہے کہ رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کا اہتمام کریں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی ہمارے ملک کو اس دفعہ بھی ایک ہی دن روزہ عطا فرمائے، چاند دیکھنے کے حوالے سے مندرجہ ذیل نمبروں پر اطلاع دی جا سکتی ہے چیئرمین 0321-9410041/ ڈی جی مذہبی امور 0333-9100619/ دفتر ایڈمنسٹریٹر اوقاف 0300-6831822 پشاور 091-9330427۔

بقیہ 15

حکومت گرانے کے علاوہ کوئی ایجنڈا سامنے نہیں آیا، اپوزیشن کا ایجنڈا صرف اقتدار حاصل کرنا ہے، اپوزیشن سے ہم پہلے بھی نمٹے ہیں اب بھی دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نئی حکومتی ٹیم میں قابلیت موجود ہے وہ بہتر نتیجوں تک لے جاسکتے ہیں، ہمارا پہلا کام آئی ایم ایف کو مطمئن کرنا اور عوام پر مزید بوجھ نہیں ڈالنا ہے، 24 کروڑ عوام اب پی آئی اے کا بوجھ نہیں اٹھائیں گے۔

بقیہ 16

شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات اور مدد فراہم کرنے کے حوالے سے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا گیا، ٹریفک قوانین خصوصاً ون وے کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے، ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانے اور شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات مہیا کرنے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلے میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں تمام زونل ڈی ایس پیز، زونل انچارج اور محرران نے شرکت کی، اجلاس میں ٹریفک انتظامات کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا خصوصی جائزہ لیا گیا اور وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، روڈ پر نظم و ضبط کو قائم کرنے، ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین خصوصاً ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کو مزید سخت و موثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کی، اس موقع پر سی ٹی او اسلام آباد نے کہا کہ ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کے ساتھ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 17

خیال رکھتے ہیں خواتین کے ساتھ جو بچے بھی آتے ہیں ان کے بھی کھانے کے لیے اور پڑھائی لکھائی کا بھی انتظام کرتے ہیں خواتین کو ہم کڑھائی اور کپڑوں کی سلائی اور کھانا پکانا سکھاتے ہیں یہ تمام سہولیات حکومت پنجاب کی طرف سے مہیا کی جاتی ہیں۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی نے خواتین میں نئے کپڑے تحفہ کے طور پر سب خواتین میں تقسیم کیے اور خواتین کے عالمی دن کے موقع پر کیک بھی کاٹا گیا

بقیہ 18

یا فراہمی کے حوالے سے شکایات کے لیے 1199 پر کال کر سکتے ہیں۔ سوئی ناردرن کی جانب سے گیس صارفین سے سحر و افطار کے اوقات میں گیس ضیاع روکنے کی اپیل بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 19

چوروں، ڈکیتوں اور اشتہاریوں کے خلاف ان ایکشن ایس ایچ او صدر بھکر وحید حسن لک نے پولیس ٹیم کے ہمراہ 09 کس ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان سے دو عدد موٹر سائیکلز اور ایک رکشہ کل مالیتی پانچ لاکھ روپے برآمد۔ تین کس ملزمان چوری اور ڈکیتی کی وارادت میں ملوث تھے ملزمان مسمیان اختر، وزیر خان، اور محمد عبداللہ جن جنہوں نے رکشہ اور موٹر سائیکلز چوری ڈکیتی کیئے۔ تھانہ صدر بھکر پولیس نے اشتہاریوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 کس اشتہاری ملزمان گرفتار کرلیا۔ اشتہاری ملزمان کیٹگری B جن میں گل حسن، محمد اختر، محمد سلیمان، محمد سعید، الطاف خان، انور خان، اور سعید اللہ شامل ہیں۔ اشتہاریوں اور ریکارڈ یافتگان کے خلاف زیادہ سے زیادہ کاروائی عمل میں لائیں پولیس افسران انصاف اور جرائم سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے تمام تر صلاحتیں بروئے کار لائیں۔

بقیہ 20

صوبائی وزیر ظاہر شاہ طورو نے بتایا کہ خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کی جانب سے تیار کیے گئے رمضان پیکج سے صوبے کے 6 لاکھ 37 ہزار خاندان مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر خاندان کو 10 ہزار روپے کے چیک دیئے جائیں گے، پیکج کیلئے ساڑھے 8 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلی علی امین گنڈا پور رمضان پیکج کا اعلان کریں گے، رقوم کی ادائیگی احساس پروگرام کے تحت کی جائے گی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ کے پی نے کیم رمضان سے صحت کارڈ بحال کرنے کا بھی اعلان کیا ہے، صحت کارڈ کیلئے انشورنس کمپنی کو فوری طور پر 5 ارب روپے جاری کیے جائیں گے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے صحت کارڈ کی مد میں انشورنس کمپنی کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے ماہانہ 5 ارب روپے جاری کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

وہاں موجود۔ کمشنر و چیئرمین نے اقلیتوں کے لیے مخصوص حصے کا دورہ، قبرستان کے تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر کی آئندہ ایک ہفتے میں قبرستان کے اندر ڈیمارکیشن مکمل کرنے کی ہدایت۔ ایک ہفتے میں میونسپل کارپوریشن تفصیلی پلان دے جس میں ہر کام کی ڈیڈ لائن لکھی ہو۔ رکھ دھمیال قبرستان جڑواں شہروں کا ایک مثالی قبرستان ہے۔ کمشنر راولپنڈی رکھ دھمیال قبرستان راولپنڈی شہر کی تدفین کی ضرورت پوری کر رہا ہے۔ کمشنر راولپنڈی شہر کی بڑھتی آبادی کے تناظر میں رکھ قبرستان دھمیال کی طرح اور بھی جگہیں تدفین کے لیے مخصوص کرنی ہوں گی۔ کمشنر راولپنڈی رکھ دھمیال قبرستان میں باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت قبر کی جگہ الاٹ کی جاتی ہے۔ کمشنر راولپنڈی ہر قبر کیلئے مختص حصے کو باقاعدہ نمبر الاٹ کیا جاتا ہے۔ کمشنر راولپنڈی تدفین کے لیے میت بسیں اور ایمبولینس سروس فعال ہیں۔ کمشنر راولپنڈی رکھ قبرستان دھمیال میں اقلیتوں کو مناسب جگہ دی گئی ہے جو احسن اقدام ہے۔ کمشنر راولپنڈی یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ کمشنر راولپنڈی پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی ہے۔ کمشنر راولپنڈی بین المذاہب ہم آہنگی سے بھائی چارے کی فضا قائم ہوتی ہے۔ کمشنر راولپنڈی کمشنر راولپنڈی کی تدفین کا تحریری ریکارڈ رکھنے کی ہدایت۔

بقیہ 22

ایک صدی بعد بھی اپنی اصل شکل میں برقرار ہے لیکن اس پر پوری طرح عمل درآمد نہیں ہوتا مزکورہ ایک کے تحت کان کنی کا رستہ 6 سے سات فٹ چوڑا ہونا چاہیے لیکن رقم بچانے کی غرض سے اس بات کا خیال نہیں رکھا جاتا اور نیچے جاتے جاتے یہ رستہ تنگ سے تنگ ہوتا چلا جاتا ہے۔ مائن میں تازہ ہوا کے داخلے اور ہنگامی اخراج کے لیے بھی رستہ ضروری ہے لیکن پیسے بچانے کے لیے مزدوروں کی زندگیاں خطرے میں ڈال دی جاتی ہیں اور متبادل رستہ بھی نہیں بنایا جاتا قانون کے تحت مائن کی چھت اور ڈھانچے کو سہارا دینے کے لیے کیکر کی مضبوط لکڑی کا استعمال ضروری ہوتا ہے لیکن اس مقصد کے لیے بھی سفیدے کی سستی اور بیکار لکڑی استعمال کی جاتی ہے جو معمولی سے جھٹکے سے ٹوٹ جاتی ہے جس کی وجہ سے مائن منہدم ہو جاتی ہے مائن ایکٹ کے تحت ہر مائن ایکٹ کی رو سے ہر مائن کے قریب ایمبولینس ڈسپنسری اور کوالیفائیڈ ڈاکٹر کی موجودگی اور کان کنوں کے لیے پینے کے صاف پانی کی دستیابی ضروری ہونی چاہیے لیکن قانون کی اس شق پر بھی عمل درآمد نہ ہونے کے برابر ہے قانون کی نظر میں دیکھا جائے تو کان کن 8 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کرسکتا لیکن ان سے 10 سے 12 گھنٹے تک کام لیا جاتا ہے اسی طرح کان کنوں کی صحت حفاظت اور اوقات کار کے لیے بھی اصول وضوابط بنائے گئے ہیں لیکن ان پر عمل درآمد نہیں کیا جاتا کوئلوں کی مائنز میں حفاظتی اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے سیکڑوں کان کن اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں ان ہلاکتوں کا سبب عموماً کوئلے کے حصول کے لیے بلاسٹ کے بعد میتھین گیس کا مائن میں بھر جانا یا کان کا منہدم ہو جانا ہوتا ہے کان کن انتہائی ناقص غیر انسانی ماحول میں 16 سے 18 گھنٹے تک بھی کام کرنے پر مجبور ہوتے ہیں اور کوئی نہ کوئی کان کن اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے مائن میں کام کرنے والے کان کنوں کی بعض اوقات رجسٹریشن نہیں ہوتی اور نا ہی ان کی حاضری کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جاتا ہے لہذا کسی کو بھی مائن میں کام کرنے والے مزدوروں کی صحیح تعداد کا علم نہیں ہوتا عموماً کان کا مالک پہاڑ اپنے نام الاٹ کروالیتا ہے اور کان کو ٹھیکہ دار کے حوالے کردیتا ہے اور یہ ٹھیکہ دار اسے کسی دوسرے ٹھیکہ دار کو سونپ دیتا ہے اور اس طرح ان ٹھیکداروں کو مزدوروں کی جان سے زیادہ پیسے کمانے کی فکر ہوتی ہے اور یہ کسی قسم کے حفاظتی انتظامات کا خیال نہیں رکھتے۔

بقیہ 23

ادارے سے وابستہ سینئر ریسرچر امیر عبداللہ خان کی گفتگو سے ہوا جنہوں نے موسمیاتی تبدیلیوں کے پاکستان کی قومی سلامتی پر اثرات کے حوالے سے روشنی ڈالی۔ ان کے بعد علی توقیر شیخ جو کہ لاس اینڈ ڈیمج فنڈ بورڈ کے رکن اور عالمی بنک سے وابستہ مشیر ہیں، نے کلیدی خطاب کیا جس میں انہوں نے ماحولیاتی تغیرات سے نبرد آزما ہونے کے لئے بنائی جانے والی حکمت عملیوں کا جائزہ لیا اور ان حکمت عملیوں کو عالمی سطح سے لے کر مقامی سطح تک متعلقہ بنانے کے عمل کے لئے اپنی سفارشات پیش کیں۔ ان کے بعد ماحولیات کے شعبے سے وابستہ وکیل احمد رافع نے خطاب کیا انہوں نے اپنے خطاب میں پاکستان میں طرز حکمرانی کے ان چیلنجز کا جائزہ لیا جو کہ پاکستان میں ماحولیاتی خطرات کو بڑھاوا دینے میں کارفرما ہوتے ہیں۔ اس سیمینار کی آخری مقررہ محترمہ سارا حیات تھیں۔ جو کہ ماحولیاتی قوانین اور اس سے متعلقہ پالیسی ایکسپرٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بدلتے ہوئے ماحولیاتی نظام کے مطابق خود کو ڈھالنا ہوگا اور اس مسئلے سے وابستہ خطرات پر قابو پا کر ہی پاکستان کا مستقبل محفوظ بنایا جاسکتا ہے۔ اپنے اختتامی کلمات کے دوران سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی اسٹڈیز لاہور کے سربراہ ریٹائرڈ ائیر مارشل عاصم سلیمان نے کہا کہ اگرچہ پاکستان کا عالمی ماحولیاتی آلودگی کے پھیلاؤ میں حصہ بہت کم ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارا ملک ماحولیاتی آلودگی کے نقصانات کا سامنا کرنے والے ممالک میں نمایاں ہے۔

بقیہ 24

کے مطابق نواں کوٹ کے علاقے میں کینیڈین شہریت کے حامل نوجوان کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے علی رضا کے قتل کے الزام میں بیوی قنوت، ساس ربیعہ سمیت پانچ افراد کو حراست میں لے لیا ہے۔ علی رضا کے قتل کی واردات تین مارچ کی رات ہوئی، مقتول کے والد کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ تھانہ نواں کوٹ میں درج کیا گیا۔ مدعی کا الزام ہے کہ بہو قنوت کسی اور سے پسند کی شادی کرنا چاہتی تھی، بیٹے کو منصوبہ بندی کے تحت کینیڈا سے بلوا کر قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان سے تفتیش جاری ہے جس کے بعد حتمی حقائق سامنے لائے جائیں گے، علی رضا کو موت گولی لگنے سے ہوئی۔ واقعے کے روز جائے حادثہ کے قریب نقل و حرکت کی کلوز سرکٹ فوٹیج بھی سامنے آگئی ہے۔ جبکہ لاہور کے علاوہ اقبال ٹاؤن میں گھریلو لڑائی جھگڑے پر 40 سالہ شخص کو قتل کر دیا گیا۔ نظام بلاک کے رہائشی خادم حسین کا کزن غلام نبی کے ساتھ کسی بات پر جھگڑا ہوا، غلام نبی نے طیش میں آ کر سر میں لوہے کا راڈ مار کر شدید زخمی کر دیا، اسے ہسپتال لے جایا گیا جہاں پر وہ دم توڑ گیا۔ لاہور پولیس نے لاش کو تحویل میں لے لیا۔ دوسری جانب نکلسن روڈ پر وسیم نامی شخص نے گلے میں پھندا ڈال کر عمارت کی چھت سے کود کر خودکشی کر لی۔ چاہ میراں کے رہائشی نے گھریلو ناچاقی اور معاشی تنگدستی پر دلبرداشتہ ہو کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ پولیس نے لاش تحویل میں لے کر مردہ خانے منتقل کر دی۔

بقیہ 25

مار دیا سینے پر فائر لگنے سے سید حماد شاہ شدید زخمی ہو گئے جنہیں سیریس حالت میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چوکی لایا گیا جہاں پر ڈاکٹرز نے طبی امداد کے بعد لاہور جناح ہسپتال ریفر کر دیا ایس ایچ او تھانہ سٹی چوکی اسلم بھٹی نے صدر امن پریس کلب چوکی نوید بھٹی کو بتایا کہ واقع کی تحقیقات کی جا رہی ہے جلد ہی حقیقت سامنے آ جائے گی اور ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ 26

پنجاب ابرار احمد خان، نائب صدر کرنل رؤف حنیف، صدر خواتین ونگ وممبر بورڈ آف گورنرز فیڈرل تعلیمی بورڈ مسز سکینہ تاج و دیگر نے رانا سکندر حیات کی تعیناتی پر مبارکباد پیش کی اور اہم منصب سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تمام عہدیداران کا کہنا تھا کہ گزشتہ دور حکومت میں نجی تعلیمی اداروں کا بے دردی سے استحصال ہوا۔ پنجاب پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹیٹیوشنز (پروموشن اینڈ ریگولیشن) ایکٹ میں اداروں کی پروموشن اور فلاح و بہبود کے سوا صرف ریگولیشن کی آڑ میں بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ یک طرفہ قانون سازی کے ذریعے نجی تعلیمی اداروں کو دیوار کے ساتھ لگایا گیا۔ انہوں نے کہا نومنتخب وزیر تعلیم نجی تعلیمی اداروں کے رہنماؤں کے ساتھ فوری طور پر مشاورتی عمل شروع کریں اور ایکٹ میں مناسب ترامیم کی جائیں۔ نجی تعلیمی ادارے کی شراکت کے بغیر 100 فی صد شرح خواندگی کا خواب کبھی بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد نے کہا نجی تعلیمی اداروں کے حوالے سے درپیش مسائل کو تحریری شکل میں تیار کرلیا ہے اور اب انھیں وزیراعلی پنجاب مریم نواز اور وزیرتعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کو پیش کرنا ہے

بقیہ 27

تکنیکی مدد فراہم کرنے اور تھیریوجینولوجی، جانوروں کی افزائش اور جینیاتی تحقیق اور ترقی میں مختلف تربیتی پروگرامز منعقد کرنے کا عہد کیا۔ پی اے آر سی کے ذیلی ادارے، نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار جینومکس اینڈ ایڈوانسڈ بائیوٹیکنالوجی (NIGAB) اور اینیمل سائنسز انسٹی ٹیوٹ (ASI) مشترکہ طور پر جینومک ٹیسٹنگ اور تھیریوجینولوجی پر تحقیق میں سہولت فراہم کریں گے تاکہ نارویجن ریڈ کیٹل سیمین کے بہتر استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔ تقریب سے اپنے خطاب میں مہمان خصوصی، وفاقی سیکرٹری برائے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، کیپٹن (ر) محمد آصف نے مقامی مویشیوں کی نسلوں کے تنوع پر روشنی ڈالی اور نسل کی بہتری اور دیسی مویشیوں کی جینیاتی ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے جینیاتی نسل کی بہتری کے ذریعے لائیوسٹاک کے شعبے میں انقلاب برپا کرنے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا اور اسے قومی خوراک اور غذائی تحفظ کو یقینی بنانے میں ایک اہم جزو کے طور پر تسلیم کیا۔ پاکستان میں ناروے کے سفیر مس نور خان نے لائیوسٹاک کے شعبے میں پاکستان اور ناروے کے درمیان معلومات کے تبادلے کے قابل ذکر امکانات پر زور دیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور شراکت کو آسان بنانے کی جاری کوششوں کے بارے میں تفصیل سے بتایا، خاص طور پر لائیوسٹاک کی بہتری میں جس کا مقصد لائیو سٹاک کے شعبے کو بڑھانا ہے۔ اپنے ابتدائی کلمات میں، پی اے آر سی کے چیئرمین، ڈاکٹر غلام محمد علی نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی سائنس دان مقامی مویشیوں کی جینیاتی خصوصیات کو بڑھانے اور مجموعی طور پر نسل کی بہتری کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ ان کی توجہ نسل کی پیداواری صلاحیت کو متاثر کرنے والی مروجہ بیماریوں اور وائرس سے نمٹنے کے لیے وقف ہے۔ انہوں نے اپنے پُرامید نقطہ نظر کا اظہار کیا کہ HRM ڈیریز اور ناروے کے سائنسدانوں کے ساتھ مشترکہ کوششیں ہماری مقامی گائے کی نسلوں کو بہتر بنانے میں کردار ادا کریں گی جس سے دودھ اور گوشت دونوں شعبوں میں پیداواری صلاحیت میں بہتری آئے گی۔ جینو گلوبل کے معروف سائنسدان مسٹر کنوت انگولف ڈریکسیٹ نے ایک جامع پریزنٹیشن پیش کی جس میں نارویجن ریڈ ڈیری کیٹل کو پاکستان کے ڈیری سیکٹر میں ضم کرنے کے امکانات اور ممکنہ فوائد پر روشنی ڈالی گئی۔ انہوں نے دودھ کی پیداوار اور مجموعی پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کے لیے نارویجن ریڈ ڈیری کیٹل کی اعلی جینیاتی خصوصیات کو بروئے کار لانے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 28

اجلاسوں'' کے موقع پر پریس کانفرنس میں چینی اور غیر ملکی صحافیوں کے 21 سوالات کے جوابات دیئے جن میں بڑے ممالک کے تعلقات، علاقائی ہاٹ اسپاٹس اور عالمی گورننس جیسے بہت سے موضوعات کا احاطہ کیا گیا۔ ان سوالات کے ذریعے یہ واضح اشارہ ملتا ہے کہ چین اپنے استحکام سے دنیا کو مزید اعتماد فراہم کر رہا ہے۔ چین دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کے لئے مضبوطی سے ایک طاقت بنے گا، بہت سے غیر ملکی میڈیا نے چین کے اس بیان کو چین کی سفارت کاری کے اعلان کے طور پر لیا ہے۔ پریس کانفرنس میں چین نے چینی خصوصیات کے ساتھ ہاٹ اسپاٹ مسائل کو حل کرنے کے طریقے کا خاکہ پیش کیا، یعنی داخلی معاملات میں عدم مداخلت پر عمل کرنا، سیاسی حل پر عمل کرنا، معروضیت اور شفافیت پر عمل کرنا، اور علامات اور بنیادی وجوہات دونوں پر عمل کرنا۔

بقیہ 29

عدالت کے جج ارشد علی جاوید چدھڑ نے سماعت کی۔ پاکستان عوامی تحریک کی جانب سے چوہدری نعیم الدین ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ پولیس افسران کی جانب سے برھان معظم ملک ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ پولیس اہلکاروں سمیت دیگر برضمانت ملزمان حاضری کے لئے پیش ہوئے۔ عدالت نے ٹرائل کی مزید کارروائی 15 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے پراسیکیوشن کے گواہان کو شہادت قلمبند کرنے کے لئے طلب کر لیا۔ پولیس کی جانب سے درج مقدمہ میں گواہان کو طلب کیا گیا ہے، پاکستان عوامی تحریک نے استغاثہ بھی دائر کر رکھا ہے۔ سانحہ ماڈل ٹاؤن استغاثہ میں مجموعی طور پر 124 ملزم نامزد ہیں۔ سابق ایس پی عمر ورک سمیت 4 ملزموں نے بریت کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔ سابق ایس پی عمر ورک، سابق ڈی ایس پی خالد ابوبکر، سابق ڈی ایس پی میاں شفقت، سابق انسپکٹر بشیر نیازی نے بریت کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔ سابق آئی جی پنجاب مشتاق سکھیرا اور ڈی آئی جی آپریشنز رانا عبدالجبار سمیت 5 ملزم پہلے ہی بری ہو چکے ہیں۔

بقیہ 30

اعتراض ہونے پر بینچ میں بیٹھنے سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس سردار طارق مسعود نے پریکٹس پروسیجر کمیٹی میں بڑا اہم کردار ادا کیا، وہ کہتے تھے 40 سے 50 کیس میری عدالت میں لگا دیں، جسٹس سردار طارق مسعود کی عدالت زیادہ فیصلے سنانے کیلئے مشہور ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جسٹس سردار طارق مسعود کا پس منظر میں بھی ایک کردار ہے، وہ لاہور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس بنے کے حقدار تھے، جسٹس سردار طارق مسعود کو چیف جسٹس نہ بنا کر صوبے کا نقصان ہوا، اس کا فائدہ سپریم کورٹ کو ہوا کیونکہ یہ سپریم کورٹ آگئے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ کے ایک فیصلے سے الیکشن پٹڑی سے اتر سکتے تھے، ہم نے چھٹیوں پر جانے سے پہلے رات کو بیٹھ کر اس آرڈر کے خلاف کیس سنا، ہم تب وہ کیس تین سینئر ججز پر مشتمل بینچ بنا کر سننا چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس اعجاز الاحسن نے بیٹھنے سے انکار کر دیا تھا، ہم نے ان کے بعد دوسرے سینئر جج کو ساتھ بٹھایا اور رات 12 بجے فیصلہ سنایا، ایسا نہ ہوتا تو صدر پاکستان اور الیکشن کمیشن کی دی تاریخ الیکشن ڈیل ریل ہو سکتے تھے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ سپریم کورٹ میں ججز کی خالی آسامیوں کا احساس ہے، ججز کی تعیناتیوں کے حوالے سے رولز میں ترامیم پر غور ہو رہا ہے، وقت آگیا ہے ججز تقرری کیلئے جوڈیشل کمیشن کا الگ سیکریٹریٹ ہو۔

بقیہ 31

66 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ پنجاب میں رواں سال نمونیا سے 474 اموات اور لاہور میں 77 ہلاکتیں ہو چکی ہیں، جبکہ پنجاب میں اس سال 36 ہزار 640 کیسز اور لاہور میں 8 ہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔

بقیہ 32

گوجر خان پولیس نے ملزم ارشد علی سے 312 چنگیں معہ 5 ڈوریں، ملزم عبدالجبار سے 100 چنگیں معہ ڈور، پیرودھائی پولیس نے ملزم اسحاق سے 6 چنگیں معہ ڈور، ملزم کامران سے 20 بوتل شراب، صدر بیرونی پولیس نے ملزم آصف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 33

اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن میں 78 گھروں، 17 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، 12 دوکانوں اور 85 افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 34

محمد الیاس اور محمد شہباز کے نام سے ہوئی متوفی اور زخمیوں کا تعلق ٹھٹھہ عیسیٰ ننکانہ صاحب سے ہے متوفی اوور لوڈ ٹریکٹر ٹرالی سے ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی منزل جانب رواں دواں تھے متوفی نے نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کو آتا دیکھ کر چھلانگ لگائی اور جان دھو بیٹھا نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس اور پنجاب پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کاروائی شروع کر دی۔

بقیہ 35

اور راحیلہ نعیم پر مشتمل پینل آف چیئر کے ناموں کا اعلان کیا۔ اجلاس کے آغاز پر سپیکر ملک محمد احمد خان نے مخصوص اور اقلیتوں کی نشستوں پر ارکان کو حلف کی دعوت دی۔ اس موقع پر اپوزیشن رکن رانا آفتاب کی جانب سے کورم نامکمل ہونے کی نشاندہی کی گئی تاہم اسپیکر نے ایوان میں 104 ارکان کی موجودگی کا کہتے ہوئے کورم کو مکمل قرار دیتے ہوئے ایوان کی کارروائی جاری رکھی۔ بعد ازاں مخصوص نشستوں پر اراکین حلف لینے کے لیے کھڑے ہوئے تو اپوزیشن اراکین نے ایوان میں احتجاج شروع کردیا۔ اپوزیشن رکن رانا آفتاب نے کہا کہ الیکشن جیتنے کے بعد ہمارے ارکان نے سنی اتحاد کونسل کو جوائن کیا، یہ ہماری نشستیں ہیں، ہمیں دی جانی چاہئیں۔ سپیکر نے کہا کہ ایوان کو رولز آف بزنس کے مطابق چلائیں۔ اس موقع پر اپوزیشن رکن رانا آفتاب اور سپیکر ملک محمد احمد خان کے درمیان نوک جھونک بھی ہوئی۔ رانا آفتاب نے کہا کہ مخصوص نشستوں کے متعلق فیصلہ عدالت میں زیر سماعت ہے، حلف نہ لیا جائے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ ہر کام آئین اور قانون کے مطابق کیا جا رہا ہے۔ جس پر رانا آفتاب نے کہا کہ قانون کی غلط تشریح نہ کریں۔ اپوزیشن کے اعتراض کے باوجود سپیکر نے مخصوص اور اقلیتوں کی نشستوں پر ارکان سے حلف لینا شروع کر دیا جبکہ اپوزیشن اراکین نے اپنی نشستوں پر کھڑے ہو کر احتجاج کیا اور شیم شیم کے نعرے لگائے۔ اپوزیشن کی جانب سے کہا گیا کہ ہماری سیٹوں پر ڈاکہ مارا گیا۔ اپوزیشن ارکان کی جانب سے شدید احتجاج اور نعرے بازی کے دوران مخصوص اور اقلیتوں کی نشستوں پر ارکان نے حلف اٹھا لیا جبکہ اپوزیشن ارکان نامنظور نامنظور کے نعرے لگاتے رہے۔ اپوزیشن ارکان نے احتجاج کے دوران ایوان میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی تصاویر بھی لہراتے رہے۔ اس موقع پر اپوزیشن اراکین نے سپیکر ڈائس کا بھی گھیراؤ کر کے نعروں کا سلسلہ جاری رہا جبکہ سپیکر اپوزیشن ارکان کو اپنے نشستوں پر رہنے کی ہدایت کرتے رہے۔ حلف اٹھانے والے اراکین نے دستاویزات پر دستخط کر دیئے۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں خواتین کی مخصوص نشستوں پر حلف لینے والوں میں سعدیہ مظفر، فضا میمونہ، عابدہ بشیر، مقصودن بی بی، عامرہ خان، صومیہ عطا، راحت افزاء، رخسانہ شفیق، تحسین فواد، فرزانہ عباس، شگفتہ فیصل، عظمیٰ بٹ، ماریہ طلال، ساجدہ نوید، نسرین ریاض، افشین حسن، آمنہ پروین، شہربانو، زیبا غفور، روبینہ نذیر اور سیدہ سمیرہ احمد شامل ہیں جبکہ اقلیتوں میں طارق مسیح، وسیم انجم اور بسروجی نے حلف لیا۔

بقیہ 36

کے بعد مغربی ہواؤں کا ایک اور سلسلہ 12 مارچ کو ملک میں داخل ہوگا۔ ان مغربی ہواؤں کے تحت بلوچستان میں 9 تا 13 مارچ بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے جبکہ اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، مری اور گلیات میں 11 تا 14 مارچ بارش ہوگی۔ مغربی ہواؤں کے باعث سندھ میں 10 سے 12 مارچ کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جبکہ سندھ کے جنوبی 8 اضلاع میں موسم خشک رہنے اور تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ گلگت بلتستان، کشمیر میں 11 تا 15 مارچ بارش، پہاڑوں پر برف باری کا امکان ہے، خیبر پختونخوا میں 10 سے 14 مارچ کے دوران بارش اور پہاڑوں پر برف باری متوقع ہے، جبکہ صوبے میں 13 اور 14 مارچ کو چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ بارشوں کے باعث بلوچستان کے علاقوں گوادر، تربت اور پنجگور میں مقامی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ 13 اور 14 مارچ کو مری گلیات، ناران، کاغان، چترال، دیر، سوات، ہنزہ، اسکردو اور باغ میں برف باری کے باعث سڑکیں بند ہونے کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے اس موقع پر تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بالائی کے پی، مری، گلیات، کشمیر اور گلگت بلتستان میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔

بقیہ 37

ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق بیسن کے نمونوں کو مزید تجزیے کیلئے فوڈ لیب بھجوایا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق رمضان المبارک میں جعل ساز اور ملاوٹ مافیا کی سرکوبی کیلئے گرینڈ آپریشن جاری ہے۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق روزے داروں تک معیاری اشیاء کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 38

برآمد ہوئی۔ اے ایس ایف کے عملے نے 3.90 کلوگرام آئس ہیروئن برآمد کر کے شارجہ اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد برآمدشدہ منشیات سمیت مزید قانونی کارروائی کے لیے اے این ایف کے حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ 39

بازی ہار گیا جس کی اس طرح موت پر علاقہ میں کہرام مچ گیا جو تین بہنوں کا اکلوتا بھائی بتلایا جا ہے۔

بقیہ 40

سعید، ریاض اور عارف شامل ہیں، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 9 ہزار 500 روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ قمار بازی دیگر برائیوں کی جڑ ہے ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، قمار بازوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 41

ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے عالمی یوم خواتین پر خواتین پولیس افسران و اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے خصوصی ویڈیو جاری کر دی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس دن رات مرد اہلکاروں کے شانہ بشانہ اپنے فرائض سر انجام دینے والی خواتین اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے، خواتین پولیس افسران و اہلکار اپنے معاشرے کی خدمت کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ بہتر انداز میں نبھا رہی ہیں، محکمہ پولیس کی خواتین افسران و اہلکار نہ صرف شعبہ جاتی مہارت رکھتی ہیں، بلکہ قیام امن وعامہ اور جرائم کی بیخ کنی میں بھی خواتین پولیس افسران و اہلکاروں نے مردوں کے شانہ بشانہ اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہیں، سینئر پولیس افسران نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خواتین افسران و اہلکاروں کو کارمنصبی کی ادائیگی کیلئے بہترین ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔

بقیہ 42

خان ڈیشان شریف قیصرانی بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے کہا کہ مفت راشن کی تقسیم کا عمل ضلع بھر میں مکمل شفافیت کیساتھ جاری ہے اور ضرورت مند افراد حکومت پنجاب کے اس انقلابی اقدام سے گھر بیٹھے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیکنگ پوائنٹس پر بھی کڑی نگرانی کی جارہی ہے اس سلسلہ میں مانیٹرنگ ٹیمیں اپنی فعالیت برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آخری رجسٹرڈ خاندان تک راشن کی تقسیم کا عمل جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے کہا کہ ہم پر امید ہیں کہ 15 مارچ تک مفت راشن کی تقسیم مکمل کر لی جائے گی

بقیہ 43

کمیٹی کی تشکیل نو کر دی گئی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان انتظامی کمیٹی کے سربراہ بن گئے، سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس مس عالیہ نیلم انتظامی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ جسٹس عابد عزیز شیخ اور جسٹس صداقت علی خان بھی انتظامی کمیٹی میں شامل ہیں۔

بقیہ 44

لیپینکچی، ترکی کے نائب وزیر خارجہ کی شریک حیات اور صدر ڈی ایم ای ڈی ڈی (منسٹریشن آف ایئرلائنس) کی متاثر کن کلیدی تقریریں تھیں۔ میاں بیوی یکجہتی ایسوسی ایشن پروفیسر ڈاکٹر یاسمین اکاپر، معروف صنفی ماہر پروفیسر فرید اکار، صدر کی شریک حیات کی سربراہ مشن (SHOM) ایسوسی ایشن محترمہ لوما کیلان مولم اور ترک آرچر محترمہ گیزم گیریزمین، جس کے بعد لنچ پر ایک انٹرا ایکٹیویشن ہوا۔ تقریب میں مقررین کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی 45 خواتین رہنماؤں نے شرکت کی۔ اپنی تقریر میں ترکی میں پاکستان کے سفیر نے معاشرے، معیشت اور ثقافت میں خواتین کے انمول شراکت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں خواتین کو بہت زیادہ عزت دی جاتی ہے کیونکہ وہ معاشرے کی حقیقی معمار ہیں۔ ترک خاتون اول ایمن اردگان کے "مضبوط خواتین، مضبوط خاندان، مضبوط معاشرہ" کے وژن کو سراہتے ہوئے سفیر نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ ہم ان رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لیے مل کر کام کریں جو خواتین کو ابھی تک روکے ہوئے ہیں، شیشے کی چھتیں توڑ دیں اور ایک مساوی دنیا کی تشکیل کریں۔ ہماری آنے والی نسلیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رکن ترک پارلیمنٹ OzbudunYazici SerapH.E نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ خواتین کو تعلیم سے لے کر ملازمت تک ہر شعبے میں مواقع تک مساوی رسائی حاصل کرنے کے لئے جامع امدادی میکانزم قائم کرنا ناگزیر ہے۔ انقرہ یونیورسٹی کے وائس ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر یاسمین کیپینکچی نے مساوی مواقع اور مساوی حقوق کی وکالت کرنے کی صلاحیت کی بنیاد رکھنے میں تعلیم کی اہمیت پر زور دیا۔ صدر ڈی ایم ای ڈی ڈی پروفیسر ڈاکٹر سیئم اکار نے خواتین کو با اختیار بنانے اور پیشہ ورانہ زندگی میں شرکت کی اہمیت کو پائیدار ترقی کے لیے پیشگی شرط کے طور پر دہرایا۔

بقیہ 45

میں حصہ نہ لینے سے 5 ووٹ ضائع ہو جائیں گے، فارمولے کے تحت حکومتی 92 اراکین کے 51 صدارتی ووٹ بن رہے ہیں، جبکہ اپوزیشن کے 16 ارکان کے حصے میں 9 ووٹ آتے ہیں۔

بقیہ 46

برآمد ہوئی۔ اے ایس ایف کے مطابق کارروائی میں 3.90 کلو آئس ہیروئن کی شارجہ اسمگلنگ کو ناکام بنایا گیا اور ملزم کو ابتدائی تفتیش کے بعد برآمد شدہ منشیات سمیت مزید قانونی کارروائی کے لیے اے این ایف کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 47

ور بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ سکر ٹریٹ پولیس نے چوری کی واردات میں ملوث ملزم اکرام کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے پچاس ہزار روپے کا مال مسروقہ برآمد کرلیا، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم قیصر کو گرفتار کرلیا، تھانہ سبزی منڈی پولیس نے تین ملزمان آصف علی، ذکی اللہ اور جمشید کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 230 گرام ہیروئن اور ایک عدد تیں بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ شمس کالونی پولیس ٹیم نے ملزم فرائی ڈے پال کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے دو ملزمان عادل زاہد اور بختیار خان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے دو عدد تیں بور پستول برآمد کرلیے، تھانہ کرپا پولیس نے ملزم عمران کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد 07 ایم ایم رائفل برآمد کرلی، جبکہ غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر ملزم عاطف حسین کو گرفتار کرلیا

بقیہ 48

مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحٰق خان نے مقدمے کی سماعت کی، ایڈووکیٹ جنرل ایاز شوکت، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اسد وڑائچ عدالت میں پیش ہوئے، سماعت کے آغاز میں سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اسد وڑائچ نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں جواب جمع کروا دیا۔ اپنے جواب میں انہوں نے موقف اپنایا کہ جیل انتظامیہ کی جانب سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے تمام احکامات کی پاسداری کی گئی ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں کے دوران بانی پی ٹی آئی کی حفاظت کے لیے سکیورٹی اہلکار تعینات کیے جاتے ہیں

بقیہ 49

نی پی ٹی آئی کی حاضری کے انتظامات کرنے میں ناکام رہے، انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا جاتا ہے۔ سیشن عدالت نے کہا کہ نوٹس دیا جاتا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ جیل کے خلاف کیوں نہ توہین عدالت کی کارروائی کی جائے؟ وہ 11 مارچ کو شوکاز نوٹس کا جواب جمع کروائیں۔

بقیہ 50

اور سیمینار منعقد کیے گئے جبکہ حقوق نسواں اور استقبال رمضان کے عنوانات پر خطبات جمعہ بھی دیئے گئے۔ اس موقع پر سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسلام خواتین کے حقوق کا سب سے بڑا علمبردار ہے، اسلام نے عورت کو ماں بہن بیٹی اور بیوی کی حیثیت سے بلند اور باعزت مقام دیا ہے، معاشرتی ناانصافیوں کا حل اسلام سے دوری نہیں بلکہ اسلام سے وابستگی ہے، خواتین کو حقوق و وراثت میں حق دلانے کیلئے جامع قانون سازی ہونی چاہیے، حقوق نسواں کے نام پر شرم و حیا کا جنازہ نکالنے کی روش قابل مذمت ہے، فارن فنڈڈ این جی اوز کا مذموم بیرونی ایجنڈا پاکستان میں نہیں چلنے دیں گے، خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ہم فلسطینی عوام اور خصوصی طور پر غزہ کی ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی قربانیوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں، امت کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں اسلامی اقدار اور روایات سے گہری اور والہانہ وابستگی رکھتی ہیں اور اسلام کے عادلانہ نظام اور اسلامی تہذیب کا غلبہ چاہتی ہیں، چند مغرب زدہ خواتین، مساوات مرد و زن کے نام پر خواتین کو دھوکہ دینے میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوسکتیں، پاکستان سنی تحریک خواتین کے ان تمام حقوق کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی جن کی اسلام نے انہیں ضمانت دی ہے۔

بقیہ 51

بریفنگ دی۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کے مواقع، ترقیاتی منصوبوں، شارٹ ٹرم اور لانگ ٹرم پلان اور ریونیو جنریشن سے متعلق تمام امور زیر غور لائے گئے۔ صوبائی وزیر نے محکمہ کی طرف سے اب تک کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد میں اقدامات کی بہتری کے لیے مزید کوششیں کی جائیں گی۔ صوبے بھر میں ریت اور دیگر معدنیات کی غیر قانونی کھدائی کے خلاف ضروری کارروائی جاری رکھی جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کی روشنی میں صوبے بھر میں مائننگ لیز کی الاٹمنٹ کے لیے منصفانہ، شفافیت اور 100 فیصد میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس حوالے سے محکمے کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی۔ وزیر معدنیات سردار شیر علی خان گورچانی نے مزید کہا کہ معدنیات کا شعبہ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کے ترجیحی سیکٹرز میں شامل ہے۔

بقیہ 52

پر سینیٹ، قومی اسمبلی اور بلوچستان اسمبلی کے ہر رکن کا ایک ووٹ شمار ہوگا جبکہ پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ اسمبلی میں اراکین کی تعداد کو بلوچستان اسمبلی کے برابر ووٹوں میں تقسیم کر کے تناسب نکالا جائے گا۔ صدر مملکت کے انتخاب کے لیے الیکشن کمیشن کی جانب سے شیڈول کیم مارچ کو جاری کیا گیا تھا جس کے مطابق کاغذات نامزدگی 2 مارچ ان کی جانچ پڑتال 4 مارچ، کاغذات نامزدگی کی واپسی 5 مارچ جبکہ ریٹائرمنٹ کی تاریخ 6 مارچ مقرر کی گئی تھی۔ الیکشن کمیشن نے صدارتی انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں سے کہا ہے کہ وہ پولنگ کا عمل شروع ہونے سے قبل متعلقہ ایوان یا اسمبلی کے ممبران میں سے ایک ایک پولنگ ایجنٹ نامزد کرسکتے ہیں جو پولنگ اور گنتی کے عمل کا مشاہدہ کرے گا۔

بقیہ 53

ریلیف دینا ہماری ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیم رمضان سے صحت کارڈ بحال ہوجائے گا، رمضان میں عوام کو ریلیف دیں گے، احساس پروگرام کے تحت رمضان میں مستحق افراد کو نقد 10 ہزار روپے دیں گے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ احساس پروگرام میں مزید ایک لاکھ 15 ہزار مستحق افراد کو شامل کیا ہے، رمضان کے دوران ہسپتالوں میں سحری اور افطار دسترخوان شروع کریں گے۔

بقیہ 54

کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے گاڑی چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

بقیہ 55

شمیم نقوی کو پیر کے روز ملاقات کی اجازت دی گئی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا جس کے مطابق 11 مارچ کو راجہ ناصر عباس کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرائی جائے۔

بقیہ 56

اور پوسٹ گریجویٹ ڈپلومز، سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلے جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 اپریل مقرر کی ہے۔ جبکہ میٹرک، ایف اے پروگراموں کے نئے داخلے اور جاری طلبہ کورس انرولمنٹ بذریعہ CMS آن لائن 20 مارچ تک لیٹ فیس چارجز کے ساتھ کرواسکتے ہیں۔

بقیہ 57

کہ اپوزیشن اور حکومتی ارکان نے اس دستاویزات پر دستخط کیے، سینیٹر اعجاز چوہدری کو پنجاب پولیس نے گرفتار کیا ہوا ہے، اعجاز چوہدری 9 مئی سے زیر حراست ہیں، اعجاز چوہدری کی سینیٹ اجلاس میں شمولیت لازم ہے چنانچہ اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ (آج) ہفتہ کو صدارتی الیکشن ہے، اعجاز چوہدری کا حق ہے کہ وہ صدارتی الیکشن میں ووٹ ڈالیں، سینیٹ میں اگر ہم اپنے سینیٹرز کو صدارتی الیکشن کے لیے نہ بلا سکے تو یہ ہمارے لیے شرمناک ہوگا، ہم اس معاملے پر عدالتوں سے کیوں مدد مانگیں؟ علی ظفر نے کہا کہ اعجاز چوہدری علیل ہیں، ان کو جگر کے مسائل ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ کے ایک فیصلے سے الیکشن پھر ڈی ریل ہوسکتے تھے، چیف جسٹس

فوجی عدالتوں میں انٹرا کورٹ اپیلوں میں میری رائے میں جسٹس طارق پر غیر ضروری اعتراض کیا گیا، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

چیف جسٹس نے کہا کہ جسٹس سردار طارق مسعود نے فوجی عدالتوں کے معاملے پر اپنے نوٹ میں کوئی رائے نہیں دی تھی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ کے ایک فیصلے سے الیکشن پھر ڈی ریل ہو سکتے تھے، فوجی عدالتوں میں انٹرا کورٹ اپیلوں میں میری رائے میں جسٹس طارق پر غیر ضروری اعتراض کیا گیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس سردار طارق مسعود کی ریٹائرمنٹ پر فل کورٹ کا انعقاد کیا گیا جس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں انٹرا کورٹ اپیلوں میں میری رائے میں جسٹس طارق پر غیر ضروری اعتراض کیا گیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جسٹس سردار طارق مسعود نے فوجی عدالتوں کے معاملے پر اپنے نوٹ میں کوئی رائے نہیں دی تھی، جسٹس سردار طارق مسعود نے (بقیہ نمبر 30)

لاہور: پنجاب اسمبلی میں احاطہ میں ارکان اسمبلی کا گروپ فوٹو

وکلا کو عمران خان سے ملاقات کرنے سے نہیں روکا جائیگا

وکلا کو دستاویزات اور مطلوبہ اسٹیشنری جیل کے اندر لے جانے کی اجازت دی جائے گی، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل

عمران خان سے ملاقاتوں کے دوران سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو ذرا دور رہنے کی ہدایت کردی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں وکلا کی جانب سے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ دینے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کے خلاف توہین عدالت کیس پر سماعت کے دوران جیل سپرنٹنڈنٹ اسد وڑائچ نے اپنا جواب جمع کرواتے ہوئے بتایا ہے کہ وکلا کو کبھی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے سے نہیں روکا جائے گا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 48)

نمونیا سے سنگین صورتحال برقرار، مزید 4 بچے چل بسے

صوبے میں رواں سال نمونیا سے 474 اموات، لاہور میں 77 ہلاکتیں ہوئیں

لاہور (این این آئی) ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں نمونیا سے سنگین صورتحال برقرار ہے، جہاں اس بیماری سے مزید 4 بچے چل بسے۔ لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا سے ایک بچے کی ہلاکت رپورٹ ہوئی۔ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران نمونیا کے 363 جبکہ لاہور میں ایک روز کے دوران (بقیہ نمبر 31)

محسن نقوی کو مشیر داخلہ بنائے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) سابق نگراں وزیراعلیٰ محسن نقوی کو مشیر داخلہ بنائے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی سینیٹ کا الیکشن لڑیں گے۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی چیئرمین پی سی بی کا عہدہ برقرار رکھیں گے۔

چیف جسٹس نے لاہور ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی کی تشکیل نو کردی

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس ملک شہزاد احمد خان نے لاہور ہائیکورٹ کی انتظامی کمیٹی کی تشکیل نو کردی۔ 7 رکنی انتظامی کمیٹی میں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان، سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان، جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس مس عالیہ نیلم، جسٹس عابد عزیز شیخ اور جسٹس صداقت علی خان شامل ہیں۔ چیف جسٹس کی منظوری کے بعد رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ نے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔

عورت مارچ کے باعث پریس کلب کی طرف جانے والے راستے کو خاردار تاریں لگا کر بند رکھا گیا ہے

راولپنڈی، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی، 5 گرفتار

قبضہ سے پتنگیں معہ ڈوریں، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے پتنگیں معہ ڈوریں، شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 32)

ریس کورس پولیس کا کمال آباد اور گردونواح میں سرچ آپریشن

گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دوکانوں اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے کمال آباد اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دوکانوں اور افراد کے کوائف چیک کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کمال آباد اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس، لیڈیز پولیس (بقیہ نمبر 33)

پتوکی ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آکر ٹرالی ڈرائیور جاں بحق دو افراد زخمی ہوگئے

پتوکی (این این آئی) پتوکی ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آکر ٹرالی ڈرائیور جاں بحق دو افراد زخمی ہوگئے نعش اور زخمیوں کو ریسکیو نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کردیا۔ پتوکی تحصیل ہائی وے پر خانکے موڑ اسٹاپ کے قریب ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور نے پولیس کو دیکھ ٹریکٹر سے چھلانگ لگا دی حادثہ میں ٹرالی ڈرائیور احمد بھٹی اپنی ٹرالی کے نیچے آکر جانبحق ہوگیا اور دو افراد شدید زخمی ہوگئے زخمیوں اور نعش کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا زخمیوں کی شناخت (بقیہ نمبر 34)

خواتین پولیس افسران کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ویڈیو جاری

وفاقی دارالحکومت میں پولیس افسران واہلکار مردوں کے شانہ بشانہ اہم کردار ادا کررہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے عالمی یوم خواتین پر خواتین پولیس افسران واہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے خصوصی ویڈیو جاری کردی، وفاقی دارالحکومت میں قیام امن اور جرائم کی بیخ کنی میں خواتین پولیس افسران واہلکار مردوں کے شانہ بشانہ اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر (بقیہ نمبر 41)

نگہبان رمضان پیکیج حق داروں کا پہنچایا جاچکا ہے

مفت راشن کی تقسیم کا عمل مکمل شفافیت کیساتھ جاری ہے، ڈپٹی کمشنر بھکر

بھکر (ظفر اعوان) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نگہبان رمضان پیکیج کے تحت ضلع بھر کے ہزاروں حقداروں کے گھروں پر باعزت طریقے سے راشن پہنچایا جاچکا ہے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے تحصیل دریا خان میں مستحقین کے گھروں میں مفت راشن تقسیم کرنے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دریا (بقیہ نمبر 42)

ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان نگہبان رمضان پیکیج کی تقسیم کا جائزہ لے رہے ہیں

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے فل کورٹ اجلاس طلب کرلیا

انتظامی کمیٹی کی بھی تشکیل نو، لاہور ہائیکورٹ کے تمام ججز اجلاس میں شرکت کریں گے

سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے سے متعلق غور کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس ملک شہزاد احمد خان کا حلف اٹھانے کے بعد پہلا فیصلہ سامنے آگیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان نے فل کورٹ کا اجلاس آج (ہفتہ) طلب کرلیا، ساڑھے 10 بجے لاہور ہائیکورٹ کے فل کورٹ ججز کا اجلاس لائبریری ہال میں ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ ملک شہزاد احمد خان کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ کے تمام ججز شرکت کریں گے۔ اجلاس میں سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے سے متعلق غور کیا جائے گا۔ جسٹس ملک شہزاد احمد خان کے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ بننے کے بعد انتظامی (بقیہ نمبر 43)

خواتین کا عالمی دن، پاکستان سفارت خانہ کی یادگاری تقریب

اسلام میں خواتین کو بہت زیادہ عزت دی جاتی ہے، پاکستانی سفیر

انقرہ (این این آئی) خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے انقرہ میں پاکستانی سفارت خانے کی جانب سے "سلیبریٹنگ ویمن ان لیڈرشپ" کے تھیم کے تحت ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سیاست، سفارت کاری، تعلیم، کھیل اور میڈیا سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز بین الاقوامی خواتین رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس تقریب میں ترکی میں پاکستان کے سفیر ایچ ای ڈاکٹر یوسف جنید، رکن ترک پارلیمنٹ ایچ ای سیراپ یازیچی اوزبدون، انقرہ یونیورسٹی کے وائس ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر یاسمین (بقیہ نمبر 44)

اسسٹنٹ کمشنر زینب طاہر ماڈل بازار میں اجناس کا معیار اور نرخ چیک کررہی ہیں

خیبر پختونخوا اسمبلی ہال میں صدارتی انتخاب کیلئے پولنگ آج ہوگی

ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی، چیف جسٹس محمد ابراہیم پریزائیڈنگ افسر ہوں گے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی ہال میں (آج) ہفتہ کو صدارتی انتخاب کے لیے پولنگ ہوگی، حکومتی اتحاد کی جانب سے آصف علی زرداری امیدوار ہیں، جبکہ سنی اتحاد کونسل کے محمود خان اچکزئی انتخابات لڑیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی، چیف جسٹس محمد ابراہیم پریزائیڈنگ افسر ہوں گے۔ (آج) ہفتہ کو خیبر پختونخوا اسمبلی کے 109 اراکین صدر کے انتخاب کے لیے ووٹ ڈالیں گے، پولنگ کا عمل صبح 10 بجے شروع ہوکر شام 4 بجے تک جاری رہے گا۔ منتخب اراکین کی تعداد 118 ہے، خیبر پختونخوا سے صدارت کے لیے کل 65 ووٹ مختص ہیں، ذرائع نے بتایا کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے 9 اراکین پولنگ میں حصہ نہیں لیں گے۔ جے یو آئی (ف) کی جانب سے انتخاب (بقیہ نمبر 45)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو رکن پنجاب اسمبلی سارہ احمد جنرل ہسپتال میں زیر علاج کمسن گھریلو ملازمہ رضوانہ کی عیادت کررہی ہیں

شارجہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 4 کلو آئس برآمد

دستی چھان بین کے دوران بیگ کی تہہ سے نہایت مہارت سے چھپائی گئی آئس ہیروئن برآمد ہوئی

پشاور (این این آئی) ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے پشاور ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے شارجہ جانے والے مسافر کے سامان سے تقریباً 4 کلو منشیات برآمد کرلی۔ اے ایس ایف حکام کے مطابق ایک مسافر شارجہ جانے والی پرواز پر سفر کے لیے پہنچا تھا، سامان کی تلاشی کے دوران عملے نے ایک بیگ کو مشکوک قرار دیا اور دستی چھان بین کے دوران بیگ کی تہہ سے نہایت مہارت سے چھپائی گئی آئس ہیروئن (بقیہ نمبر 46)

تین بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے تین پیشہ ور بھکاریوں سمیت 15 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرکے مال مسروقہ، منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران تین پیشہ (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور، عورت مارچ میں شریک خواتین نعرے لگا رہی ہیں

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو شوکاز جاری کرنے کا تفصیلی حکم نامہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی کی حاضری نہ لگانے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو شوکاز کا تفصیلی حکم نامہ جاری کردیا۔ ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے شوکاز نوٹس جاری کرنے کا تفصیلی حکم نامہ جاری کیا۔ عدالت نے بتایا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک پر حاضری لگانے کا کہا گیا تھا، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو خط بھی عدالت کی جانب سے لکھا گیا تھا۔ سیشن عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل با (بقیہ نمبر 49)

عالمی یوم خواتین کو ملک گیر یوم احترام خواتین کے طور پر منایا

اسلام خواتین کے حقوق کا سب سے بڑا علمبردار ہے، شاداب رضا نقشبندی

راولپنڈی/اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی کی اپیل پر 8 مارچ عالمی یوم خواتین کو ملک گیر یوم احترام خواتین کے طور پر منایا گیا، اس سلسلے میں جڑواں شہروں سمیت ملک بھر میں کانفرنسیں (بقیہ نمبر 50)

صدر عارف علوی کو ایوان صدر میں گارڈ آف آنر پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے اعزاز میں الوداعی گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ ایوان صدر میں گارڈ آف آنر پیش کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، صدر مملکت کو مسلح افواج کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ یاد رہے کہ (آج) ہفتہ کو صدر مملکت کے انتخابات کے بعد صدر عارف علوی اپنے عہدے سے سبکدوش ہوجائیں گے۔

عوامی مفاد میں اقدامات کی بہتری کیلئے مزید کوششیں کی جائیں گی

وزیر معدنیات سردار شیر علی خان گورچانی کا عہدہ سنبھالنے کے بعد محکمہ معدنیات کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیر معدنیات پنجاب سردار شیر علی خان گورچانی نے وزارت سنبھالنے کے بعد محکمہ معدنیات کا پہلا تعارفی دورہ کیا۔ وزیر معدنیات نے محکمہ کے تمام شعبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیکرٹری معدنیات بابر امان بابر نے صوبائی وزیر کو (بقیہ نمبر 51)

نئے صدر مملکت کے انتخاب کے لیے پولنگ آج

پارلیمنٹ ہاؤس اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں قائم پولنگ سٹیشنوں پر منتخب اراکین صبح 10 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں گے

پریس کلب کے باہر عورت مارچ کے دوران ایک ننھے بچے نے پولیس آفیسر کی وردی زیب تن کررکھی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نئے صدر مملکت کے انتخاب کے لیے پولنگ (کل) ہفتہ کو منعقد ہوگی، پارلیمنٹ ہاؤس اور چاروں صوبائی اسمبلیوں میں قائم پولنگ سٹیشنوں پر منتخب اراکین صبح 10 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکیں گے۔ صدارتی انتخاب میں حکمران اتحاد کے امیدوار سابق صدر آصف علی زرداری اور سنی اتحاد کونسل و دیگر اپوزیشن کے نامزد امیدوار محمود خان اچکزئی کے درمیان مقابلہ ہے، سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اراکین پارلیمنٹ ہاؤس میں اسمبلی ہال میں اپنا ووٹ ڈالیں گے، صدر کا انتخاب خفیہ رائے دہی کی بنیاد پر ہوگا جہاں (بقیہ نمبر 52)

رمضان پیکیج کے تحت مستحق افراد کو 10 ہزار روپے دینے کا اعلان

ملک کے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہیں، عوام کو ریلیف دینا ہماری ترجیح ہے، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے رمضان پیکیج کے تحت مستحق افراد کو 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کردیا۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ ملک کے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہیں، عوام کو (بقیہ نمبر 53)

سربراہ ایم ڈبلیو ایم راجہ ناصر عباس کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ ایم ڈبلیو ایم راجہ ناصر عباس کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے دی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے مجلس وحدت مسلمین کے سربراہ اور فردوس شمیم نقوی کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سربراہ ایم ڈبلیو ایم کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت دے دی۔ عدالت کی جانب سے سربراہ ایم ڈبلیو ایم اور پی ٹی آئی سندھ کے رہنما فردوس (بقیہ نمبر 55)

کار چوری کی وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

قبضے سے 15 لاکھ روپے مالیت کے مسروقہ گاڑی اور موبائل فون برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے کار چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرکے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ گاڑی اور موبائل فون برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد (بقیہ نمبر 54)

اچھرہ واقعہ میں خاتون کو ہجوم سے بچانے پر مولانا علیم الدین شاکر، طارق و دیگر نوجوان جانسن کو گلدستہ پیش کررہے ہیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، مختلف پروگرامز، کورسز میں داخلے جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 اپریل مقرر

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس لاہور کے ریجنل ڈائریکٹر امان اللہ ملک نے کہا ہے کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے سمسٹر بہار 2024 (فیز 2) میں ایسوسی ایٹ ڈگری (بی اے/بی کام)، بی بی اے، بی ایس (دو سالہ، آڑھائی سالہ متبادل ایم اے) اور بی ایس (چار سالہ)، ٹیچر ٹریننگ (بی۔ایڈ) پروگراموں (بقیہ نمبر 56)

سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کا حکم

سینیٹ میں اگر ہم اپنے سینیٹرز کو صدارتی الیکشن کے لیے نہ بلا سکے تو یہ ہمارے لیے شرمناک ہوگا، بیرسٹر علی ظفر

مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کا حق ہے، سینیٹر مشاہد حسین نے عمران خان کی رہائی اور سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں دینے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا آفریدی نے پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ جمعہ کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا جس میں انہوں نے سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔ مرزا آفریدی نے کہا کہ اعجاز چوہدی کا حق ہے کہ وہ صدارتی الیکشن میں ووٹ ڈالیں چنانچہ اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے جائیں۔ قبل ازیں ایوان سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر علی ظفر نے کہا (بقیہ نمبر 57)

114 کلو سے زائد منشیات برآمد کرکے پانچ ملزمان گرفتار

ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج، تحقیقات کا آغاز

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف چار کارروائیوں میں ایک سو چودہ کلو سے زائد منشیات برآمد کرکے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق گیگا مال راولپنڈی کے قریب ملزم سے بہتر کلو کلو چرس اور تیرہ کلو افیون برآمد کرلی گئی۔ کراچی میں کوریئر آفس میں بنگلہ دیش بھیجے جانے والے پارسل سے تین اعشاریہ چھ کلو آئس، کراچی روڈ قلات کے قریب سے بارہ کلو چرس اور پانچ کلو افیون برآمد کرکے دو ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ دیگر کارروائیوں میں برہان انٹرچینج اٹک کے قریب دو ملزمان سے نو کلو چرس برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری گورنر ہاؤس لاہور میں پنجاب کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مخصوص نشستوں پر ارکان کے حلف کے موقع پر اپوزیشن کا احتجاج

اپوزیشن اراکین نے سپیکر کا ڈائس کا گھیراؤ کرکے نعرے بازی کی، حکومتی بنچز سے بھی اپوزیشن کے خلاف شور شرابہ

مخصوص نشستوں کا معاملہ عدالت میں ہے، ہر کام آئین وقانون کے مطابق کیا جارہا ہے، سپیکر ملک احمد خان، اپوزیشن رکن رانا آفتاب میں نوک جھونک

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں مخصوص اور اقلیتوں کی نشستوں پر ارکان کے حلف کے موقع پر اپوزیشن کے شدید احتجاج کے باعث ایوان مچھلی منڈی بن گیا، اپوزیشن اراکین سپیکر کا ڈائس کا گھیراؤ کرتے ہوئے نعرے بازی کرتے رہے، حکومتی بنچز سے بھی اپوزیشن کے خلاف شور شرابہ کیا گیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس مقررہ وقت نو بجے کی بجائے ڈیڑھ گھنٹہ کی تاخیر سے سپیکر ملک محمد احمد خان کی صدارت میں شروع ہوا۔ سیکرٹری اسمبلی نے اجلاس کے لئے رانا منور حسین، سید علی حیدر گیلانی، غلام مرتضیٰ (بقیہ نمبر 35)

مزید مغربی ہوائیں، سندھ وبلوچستان میں پھر بارش کا امکان

اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، مری اور گلیات میں 11 تا 14 مارچ بارش ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) مغربی ہواؤں کے مزید سلسلوں کے باعث سندھ اور بلوچستان سمیت ملک کے بیشتر علاقوں میں بارش اور برف باری کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ 9 مارچ کو بلوچستان میں داخل ہوگا، یہ مغربی ہوائیں 11 مارچ تک ملک کے بالائی علاقوں کو اپنی لپیٹ میں لیں گی، جس (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی میں کارروائی، مضر صحت بیسن کی بڑی کھیپ پکڑلی

روزے داروں تک معیاری اشیاء کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) فوڈ سیفٹی ٹیموں نے راولپنڈی میں کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت بیسن کی بڑی کھیپ پکڑلی، خفیہ اطلاعات پر بگا موڑ کے قریب فلور مل پر چھاپہ مارکر 1500 کلو ملاوٹی بیسن تلف کرلیا گیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق 7280 کلو گلی اور 600 کلو ناقص آٹا بھی برآمد کیا گیا ہے، فیکٹری میں موجود ورکرز نے بیسن میں ملاوٹ کا موقع پر اعتراف کیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق جعل سازی پر فیکٹری کی پروڈکشن بند جبکہ مالکان کیخلاف مقدمہ درج کروایا گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی، صادق آباد پولیس کی کارروائی، 6 قمار باز گرفتار

قبضہ سے داؤ پر لگی رقم 9 ہزار 500 روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 9 ہزار 500 روپے، 5 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں شہزاد، نزاکت، شاہ رخ، (بقیہ نمبر 40)

پشاور سے شارجہ کے مسافر کے بیگ سے 4 کلو آئس ہیروئن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) کے عملے نے پشاور ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے شارجہ کے مسافر کے سامان سے لگ بھگ 4 کلوگرام منشیات برآمد کرلی۔ اے ایس ایف کے حکام کے مطابق ایک مسافر شارجہ جانے والی پرواز پر سفر کے لیے پہنچا تھا، جس کے سامان کی تلاشی کے دوران اے ایس ایف کے ماہر عملے نے ایک بیگ کو مشکوک قرار دیا۔ دستی چھان بین کے دوران بیگ کی تہہ میں نہایت مہارت سے چھپائی گئی آئس ہیروئن (بقیہ نمبر 38)

سرگودھا شہر میں 11 سالہ پتنگ باز بچہ چھت سے گر کر زندگی کی بازی ہار گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں 11 سالہ پتنگ باز بچہ چھت سے گر کر زندگی کی بازی ہار گیا۔ جس کی موت پر علاقہ میں کہرام مچ گیا جو تین بہنوں کا اکلوتا بھائی بتلایا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ سٹلائیٹ ٹاؤن میں 11 سالہ پتنگ باز بچہ محمد طلحہ پتنگ لوٹتے ہوئے چھت سے صحن میں گر کر شدید زخمی حالت میں ہسپتال میں زندگی اور موت کی کشمکش کے بعد زندگی کی (بقیہ نمبر 39)